برہسپت (برشچک راشی میں)

۵ر دسمبر سے غروب ۵/۰۰

۷ر جنوری ۹۵ سے طلوع دھن راشی میں ۱۰/۸

شکر

۳۰ر جولائی پورب میں غروب ۱۵/۴۵

۵ر جولائی پچھم سے طلوع ۷/۲۵

شنیچر

(کنبھ راشی میں)

۱۵ر فروری کو پچھم میں غروب

۲۳ر مارچ سے پورب سے طلوع

اگستہ ستارہ

۲۰ر اپریل کو غروب

۹ر ستمبر سے طلوع

جیوتش کی سنہری (لال) کتاب
اب ہندی میں بھی مل سکتی ہے —
جس میں لال کتاب کے متعلق دیگر
اپائے درج کیے گئے ہیں۔ قیمت صرف 30 روپے
[illegible]

جیوتش، دھارمک، صنعت و حرفت، ہنر اور دولت کمانے کی بے نظیر کتابیں

نام کتاب	قیمت
بڑی تلسی راماین اردو	250/-
تلسی راماین اردو خورد	90/-
بالمیک راماین اردو	90/-
بالمیک راماین کلاں ہندی	150/-
تلسی راماین ہندی	100/-
شریمد بھاگوت ہندی کلاں	120/-
مہا شو پران ہندی	110/-
شو پران چھوٹا ہندی	50/-
شو پران اردو چھوٹا	50/-
بھگتی ساگر اردو، ہندی	45/-
رام چرتر مانس گٹکا ہندی	50/-
شریمد بھگوت گیتا اردو	25/-
" " ہندی	25/-
شریمد بھگوت گیتا کلاں ہندی	50/-
راماین جبونت سنگھ لوہانہ ہندی	43/-
" " اردو	42/-
شری درگا پاٹھ اردو	25/-
" " ہندی	25/-
یوگ آسن پرانا ایام اردو	25/-
" " ہندی	25/-
نقش جیون کار ہسیہ اردو	25/-
لکشمی شکتی اردو	25/-
شو منتر ادلی ہندی	30/-
گائتری شکتی اردو	25/-
" " ہندی	25/-
مہابھارت ہندی	90/-
مہابھارت درمیانہ ہندی	35/-
شری ہنومان اپاسنا ہندی	20/-
شو پران ہندی چھوٹا	20/-
نت نیم اردو ہندی	10/-
سکھمنی صاحب اردو ہندی	10/-
گیتا دل محمد اردو	30/-
جپ جی سکھمنی صاحب اردو دل محمد	30/-
سندر گٹکا سٹیک پنجابی	27/-
سندر گٹکا عام پنجابی اردو	16/-
پریم ساگر ہندی اردو	50/-
جنم ساکھی گورو نانک دیو جی گ	170/-
" " اردو	90/-
قرآن شریف اردو ہندی	50/-
علم الخواب اردو ہندی	20/-

نام کتاب	قیمت
کارتک مہاتم ہندی۔ اردو	25/-
ماگھ مہاتم ہندی	20/-
گرڑ پران اردو۔ ہندی	20/-
شریمد بھاگوت اردو سیٹ 5 کتابوں کا	90/-
— جیوتش	
آئینہ قسمت حصہ سوم	40/-
" " چہارم	40/-
سرشتہ تقدیر یعنی درشٹی پھل	30/-
رسالہ علم کیرل اردو ہندی	35/-
درشٹ پھل درپن ہندی	30/-
پرشن درپن ہندی	35/-
گلشن آفتاب اردو	30/-
آئینہ فلک اردو	35/-
پرانے سالوں کی جنتریاں فی عدد اردو۔ ہندی	25/-
پرانی جنتری 5 سالہ سیٹ ہندی	40/-
بھرگو سنگتا ہندی	100/-
ہست ریکھا سامدرک اردو ہندی	30/-
مان ساگری بھاشا ٹیکہ ہندی	70/-
نیومرولوجی (دانک ودیا) ہندی	30/-
گرہ اور روگ ہندی	30/-
بڑا ہوڑا چکر	25/-
جیوتش شاستر ہندی	30/-
تیزی مندہ سٹہ ہندی	35/-
جیوتش تتو ہندی	30/-
پھل دیپکا ہندی	80/-
— دستکاری	
گنجینۂ روزگار اردو	25/-
بیوپار دستکاری اردو ہندی	30/-
رہنمائے صابن سازی اردو	35/-
درزی ماسٹر اردو ہندی	30/-
پان کی دکان اردو ہندی	35/-
باورچی خانہ اردو ہندی	30/-
مرغی خانہ اردو ہندی	30/-
فلم ایکٹنگ گائیڈ ہندی	25/-
جواہرات کا ڈھیر اردو	30/-
گھڑی سازی ہندی	30/-
بوٹ پالش ہندی۔ اردو	30/-
سٹیل پالش بنانا۔ اردو	25/-
وارنش گائیڈ۔ اردو	25/-

نام کتاب	قیمت
ہدایت خاوند۔ ہندی اردو	20/-
بھوجن راہس صحت اردو ہندی	20/-
— حکمت	
ایلوپیتھک گائیڈ ہندی	50/-
پیٹنٹ میڈیسن ہندی اردو	30/-
میڈیکل گائیڈ ہندی اردو	35/-
انجکشن گائیڈ ہندی	35/-
گھر کا وید نسخہ جات ہندی	30/-
طبی نسخے خورد اردو	15/-
بوٹی پرکاش ہندی۔ اردو	35/-
طب دار الشفا پنجابی	50/-
کمپوڈری گائیڈ ہندی	30/-
گپت روگوں کا علاج ہندی اردو	35/-
علاج مولیشی ہندی اردو	35/-
— متفرق	
کوک شاستر اردو ہندی	35/-
سلائی کٹائی ہندی اردو	30/-
رسوئی شکشا ہندی	30/-
سہاگ رات ہندی اردو	30/-
ہارمونیم گائیڈ ہندی	30/-
ہندی انگلش ٹیچر	25/-
اردو ہندی ٹیچر پنجابی	25/-
ٹریکٹر گائیڈ ہندی پنجابی	30/-
امرت ساگر اردو ہندی	90/-
علاج الغربا اردو	40/-
— پنجابی کی دھارمک کتابیں	
جنم ساکھی گورو نانک جی بڑی بھائی والے والی پنجابی اردو	175/-
گر بھگت مال پنجابی	90/-
ساکھی پرمان "	90/-
ترنکاری چمتکار "	95/-
دشمیش چمتکار "	95/-
سودھی چمتکار "	95/-
داراں بھائی گورداس "	90/-

نام کتاب	قیمت
مہابھارت پنجابی	90/-
سنکٹ موچن گ "	20/-
بچتر ناٹک اردو "	35/-
ظفرنامہ اردو ہندی	35/-
ہیر وارث علی شاہ اردو پنجابی	50/-
راماین تلسی داس پنجابی	70/-
راماین بالمیک اردو پنجابی	80/-
شردھا پورن پنجابی	40/-
کتھا ساگر پنجابی	50/-
دیپ سکھمنی صاحب پنجابی	50/-
سندر گٹکا اردو	30/-
سندر گٹکا سٹیک پنجابی	27/-
پنج گرنتھی پنجابی	25/-
بھگت بانی "	25/-
دس گرنتھی "	25/-
سو ساکھی "	60/-
— جنتر۔ منتر۔ جادو وغیرہ	
منتر شکتی ہندی	30/-
علم مسمریزم ہندی	25/-
اندرجال ہندی اردو	25/-
اندرجال خورد ہندی	40/-
اندرجال کلاں ہندی	60/-
وشی کرن منتر ہندی اردو	25/-
نقش سلیمانی اردو ہندی	30/-
چین بنگال کا جادو ہندی اردو	30/-
جادوگری شکشا ہندی	30/-
تماشہ کا جادو ہندی اردو	30/-
کوا تنتر ہندی	30/-
الو تنتر ہندی	30/-
علم التسخیر حیات اردو	30/-
عملیات تسخیر اردو	35/-
شو منتر اولی ہندی	30/-
جنتر زندہ کرامات	60/-

بارہ راشیوں کا ماہانہ و سالانہ پھل آدیش بابت سال ۱۹۹۵ء

ذیل میں بارہ راشیوں کا سالانہ و ماہوار پھل آدیش دیا جا رہا ہے۔ اپنی زندگی کے متعلق اور زیادہ تفصیل سے پھل آدیش معلوم کرنے کے لئے صحیح ڈھنگ سے تیار شدہ جنم پتری کا ہونا لازمی ہے۔
اپنی مکمل جنم پتری بنوانے کے لئے اپنی تاریخ پیدائش، وقت پیدائش، ماہ، سن عیسوی اور مقام پیدائش کیساتھ کیساتھ اپنے موجودہ کاروبار وغیرہ کے بارے مکمل تفصیل لکھیں۔ برس پھل بنوانے کی فیس ۲۰۱/ روپیہ ہوگی اور بڑی جنم پتری بنوانے کی = /۱۵۰۱ روپے ہوگی۔ ڈاک خرچ اسکے علاوہ ہوگا۔ جنم پتری کی فیس پیشگی ادا کرنا ضروری ہوگی۔ خاص سوالات بھی ساتھ بھیجے جاسکتے ہیں۔ انگریزی اور ہندی میں جنم پتری بنانے کو ترجیح دیجائیگی۔ غیر ملکی باشندوں کو اصل فیس سے سو روپیہ زائد ادا کرنا ہوں گے۔ 451/+ ڈاک خرچ۔ پنڈت پنا لال جوتشی ایم اے۔

میکھ راشی

جنوری — نصف ماہ میں نہایت دشواریوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ذہنی تناؤ اور پریشانی بنی رہے گی۔ لیکن منگل کی بہتر حالت کی وجہ سے دولت آتی رہے گی۔ مہینہ کے آخری دنوں میں بگڑے کاموں کے بننے کے آثار ہیں۔ تاریخ ۹، ۱۱، ۱۴، ۱۹، ۲۴ نحس ہیں۔

فروری — اس میں گھریلو پریشانیوں اور کاروباری الجھنوں کا سامنا رہے گا۔ بنتے کاموں میں رکاوٹ پیدا ہوگی۔ کسی قریبی رشتہ دار سے دھوکا ملنے کے آثار ہیں۔ صحت بارے خاص دھیان رکھیں۔ طلباء بھی اپنی تعلیمی سرگرمیوں پر گہری نظر رکھیں۔ تاریخ ۷، ۱۹، ۲۳، ۲۷ نحس ہیں۔

مارچ — اس ماہ میں محنت اور دوڑ بھاگ زیادہ کرنی پڑیگی۔ سرکاری کاموں میں رکاوٹ پیدا ہو سکتی ہے۔ مہینہ کے آخری ایام میں منگل کے مارگی ہونے سے حالات میں بہتری ہوگی۔ کسی مسئلہ کا کسی خاص شخص کے ذریعہ حل نکلے گا۔

اپریل — محنت کے باوجود بھی حسب خواہش کامیابی نصیب نہیں ہوگی طلباء کو کامیابی کے لئے زیادہ محنت کرنا پڑے گی۔ کچھ رکے ہوئے کام بنیں گے۔ عورت اور بچوں کی طرف سے خوشی حاصل ہوگی۔ جگہ چھوڑنے یا تبدیلی کا پروگرام بنے گا۔ گھر میں کوئی نیک (شبھ) کام ہوگا۔ تاریخ ۱۹، ۲۰، ۲۳، ۲۵، ۲۷، ۲۹ شبھ رہیں گی۔

مئی — آمدنی کے ذریعوں میں اضافے کے ساتھ خرچ میں بھی اضافہ ہوگا۔ نیک کاموں پر خرچ زیادہ رہے گا۔ کسی متبرک مقام کا سفر ہوگا۔ ۲۰ تاریخ سے الجھنیں بڑھیں گی۔ صحت کا خیال رکھیں سستی اور کاہلی میں وقت برباد نہ کریں۔

جون — کافی جد و جہد اور کوشش [illegible] حاصل ہوگا [illegible] آخر میں مزاج میں غصہ اور چڑچڑاپن رہے گا۔ دشمنوں کی وجہ سے کام رک سکتے ہیں۔ دوستوں کی مدد سے بہت سے مسئلوں کے حل نکلیں گے۔

جولائی — اس ماہ میں بہتر تبدیلی کے آثار ہیں۔ بگڑے کام بنیں گے۔ کسی اہم افسر سے تعلقات بنیں گے۔ خرچ کی زیادتی سے ذہنی پریشانیاں بڑھیں گی۔ توجہ کیساتھ محنت کرنے سے حالات میں تبدیلی آئیگی۔ تاریخ ۱۱، ۱۵، ۱۹، ۲۳، ۲۴، ۲۸، ۲۹ مبارک رہیں گی۔ صحت کا خاص دھیان رکھیں دوستوں کی مدد سے بہت کام بننے کے آثار ہیں۔

اگست — سستی کا ماحول رہے گا۔ اُمید کے برخلاف خرچوں میں اضافہ ہوگا۔ دولت میں نقصان اور صحت کمزور رہے گی۔ کسی سے ملا ہوا وعدہ پورا ہوگا۔ حصول تعلیم میں کامیابی اور کوئی نیک کام ہوگا۔ نصف ماہ میں مایوسی کے خیالات کا غلبہ رہے گا۔

ستمبر — مصروفیت بڑھے گی اگرچہ کاروبار میں ترقی کے مواقع حاصل ہوں گے لیکن گھریلو پریشانیوں کی وجہ سے فائدہ حاصل نہیں ہوگا۔ جسمانی تکلیف اور پریشانی بڑھے گی۔ نصف ماہ میں کسی عزیز سے ملاقات ہوگی۔ وشنو سہسر نام کے پاٹھ کرنے سے فائدہ رہے گا۔

اکتوبر — کاروبار بڑھتے میں دوستوں اور عزیزوں سے مدد حاصل ہوگی مال و دولت اور سواری حاصل ہونے کے آثار ہیں۔ کوئی نیک کام عمل میں آئے گا۔ ماہ نصف آغاز میں آمدنی کم اور خرچ زیادہ رہے گا۔ ۲۰، ۲۷، ۲۹، ۳۰، ۳۱ تاریخیں ٹھیک نہیں ہیں۔

نومبر — ماہ نصف آغاز میں نہایت جد و جہد بھرے حالات کا سامنا کرنا پڑیگا بے کار کی بھاگ دوڑ اور فضول خرچی رہے گی۔ ساجھیداری کے کاموں میں نقصان ہوگا۔ افراد خانہ کی طرف سے خوشی حاصل ہوگی۔

دسمبر — یہ مہینہ کاروباری لحاظ سے کچھ بہتر رہے گا۔ کچھ نئے پروگراموں پر عمل درآمد شروع ہوگا۔ گھر میں مذہبی تقریبات ہوں گی۔ اپنی صحت کے متعلق احتیاط برتیں۔ کسی معزز شخص کے ذریعہ بگڑے کام بنیں گے۔ دشمنوں کی طرف سے ہوشیار رہیں۔

برکھ راشی

جنوری — شکر اور گرو کے مالک ہونے سے اس راشی انکی نگاہ سیدھی ہے اس لئے بگڑے کام بنیں گے۔ اچانک مال و دولت ملنے کے آثار ہیں۔ آمدنی [illegible] خرچ ہوگا۔ ماہ نصف آغاز [illegible] بہتری آئے گی۔

فروری — شکر کے آٹھویں بھاو میں ہونے سے ملازمت و کاروبار میں کچھ رکاوٹیں پیدا ہوں گی۔ پوشیدہ دشمن نقصان پہنچانے کی کوشش کریں گے۔ ماہ نصف آغاز میں رکاوٹوں کے باوجود مال و دولت حاصل ہونے کے آثار بنیں گے۔ اپنی قریبی دوست سے ملاقات ہوگی۔

مارچ — راشی کا مالک نویں بھاو میں ہونے سے ملے جلے ثمر اس ماہ ملنے کے آثار ہیں۔ کسی قریبی عزیز یا بھائی وغیرہ کی مدد سے کسی نئے کام کا پروگرام عمل میں آئے گا۔ لیکن اس میں مکمل فائدہ حاصل نہیں ہوگا

اپریل کاروباری معاملات میں دوڑ دھوپ رہے گی۔ آمدنی محدود رہے گی کسی نیک کام پر خرچ ہوگا۔ ساجھیداری کا کوئی بھی کام نہ کریں نقصان کا اندیشہ ہے۔ طلبا کو کامیابی کے لئے کڑی محنت کرنا پڑے گی۔ گائتری پاٹھ بہتر رہے گا۔ ۹، ۱۱، ۱۲ شبھ اور ۱۴، ۱۵، ۲۱ نحس ہیں۔

مئی دل پُرسکون و مطمئن رہے گا۔ معاشرے میں عزت و وقار بڑھے گا۔ کچھ نئے معاملوں پر صلاح و مشورہ رہے گا۔ رشتہ داروں اور دوستوں کے ساتھ میل محبت بڑھے گی۔ معاشرتی کاموں میں توجہ بڑھے گی۔ اولاد سے خوشی حاصل ہوگی۔ غیر ملکی معاملات میں فروغ حاصل ہوگا۔ ۲۵، ۲۸، ۲۹ تاریخیں نہایت مصروفیت کی ہیں۔

جون اس ماہ میں شکر کی حالت اپنے گھر میں ہونے سے پہلے سے جاری کوششوں میں ترقی ملے گی۔ مزاج میں نرمی بنائے رکھیں۔ کڑی محنت کے بعد ہی کامیابی نصیب ہوگی۔ دل سے اُچاٹ پن دور رہے گی۔ فلاحی کاموں میں توجہ بڑھے گی۔ اپنی صحت کی حفاظت رکھیں۔ شنو سہسر نام کا پاٹھ بہتر ہے

جولائی ماہ کے آغاز میں شکر کے متھن میں داخل ہونے سے کاروباری معاملات میں مصروفیت بڑھے گی۔ بھائیوں کیساتھ تعلقات کچھ کم بہتر رہیں گے سفر کے بھی حالات بنتے ہیں۔ ۲۱ جولائی سے شکر غروب ہونے سے صحت پر بھی اثر پڑے گا۔ ۱۱، ۲۷، ۲۸، ۲۹، ۳۱ تاریخوں میں صحت سے متعلق پریشانی ہوسکتی ہے

اگست فائدہ کم اور خرچ زیادہ رہے گا۔ والدین کی صحت کی فکر بنی رہے گی روزمرہ کے کاموں میں ترقی رہے گی۔ اولاد کی جانب سے کچھ پریشانی ہوسکتی ہے۔ ملازمین کے تبادلوں کے بھی آثار ہیں۔

ستمبر ماہ نصف آغاز میں کاروبار مدھم حالات میں رہے گا۔ نئے لوگوں سے تعلقات بنیں گے۔ ۱۱ ستمبر سے شکر نیچ راشی گت ہوجانے سے بنتے کاموں میں رکاوٹیں پیدا ہوں گی۔ آمدنی کم اور خرچ زیادہ ہونے کی وجہ سے گھریلو پریشانیوں میں اضافہ ہوگا۔

اکتوبر کاروباری معاملات بہتر ہوں گے۔ غصہ کی زیادتی اور بحث و مباحثہ میں وقت کافی برباد ہوگا۔ ماہ آخر میں گھریلو پریشانی کیوجہ سے دل بہت اداس رہے گا۔ شری درگا سپت شتی کا پاٹھ شبھ اور سودمند رہیگا

نومبر کاروباری لین دین میں احتیاط برتیں۔ نئے کپڑے اور زیورات حاصل ہوں گے۔ ذہنی الجھنیں ختم ہوں گی۔ ۲۲ نومبر کو شکر وِرِشک راشی میں داخل ہونے سے صحت کے بگڑنے کے آثار ہیں۔

دسمبر گھر میں مذہبی اور دیگر نیک کام ہوں گے۔ فضول خرچی بڑھے گی۔ کسی قریبی رشتہ دار سے دھوکہ ملنے کی امید ہے۔ کسی بھی طرح کا خطرہ مول لینا نقصاندہ ثابت ہوسکتا ہے۔

مارچ ماہ کے نصف میں حصولِ دولت و کوئی نیک کام عمل میں آئے گا۔ اولاد کی جانب سے مسئلے پیدا ہوں گے۔ کاروباری مصروفیت بڑھے گی خود اعتمادی پیدا کریں۔ ماہ آخر میں جسمانی تکلیف اور سردرد رہے گا۔ تاریخ ۲۰، ۲۴، ۲۷، ۲۸ نحس رہیں گی۔

اپریل ماہ کے آغاز میں اچانک ملے فائدہ سے خوشی حاصل ہوگی۔ نئے کاموں کے پروگرام بنیں گے۔ اچانک سفر کے آثار ہیں۔ ۷، ۹، ۱۱، ۱۴ اور ۲۵ تاریخیں نحس رہیں گی۔

مئی حصولِ دولت کم رہے گی خرچ زیادہ رہے گا۔ صحت کی خرابی اور ذہنی تناؤ بنا رہے گا۔ قرضوں کی بھاگ دوڑ زیادہ رہے گی۔ مہینہ کے آخر دنوں میں کوئی بگڑا کام بنے گا۔ شنو سہسر نام کا پاٹھ شبھ رہے گا۔

جون ۶ جون سے ۲۲ جون تک سوائی راشی میں ہونے سے کاروبار میں فائدہ اور سوچے ہوئے پروگراموں میں کامیابی حاصل ہوگی۔ طلباء کو کامیابی حاصل ہوگی۔ ۱۴، ۱۷، ۲۱ تاریخوں کو اچانک سفر کرنا پڑ سکتا ہے

جولائی نہایت دشوار حالات میں بھی مال و دولت حاصل ہوتا رہے گا۔ خاندانی جھگڑوں کی وجہ سے ذہنی تناؤ بنا رہے گا۔ سفر میں تکلیف، جسمانی تکلیف اور پیسہ کا بے جا استعمال ہوتا رہے گا۔ تاریخ ۱۴، ۱۷، ۱۹، ۲۷ نحس رہیں گی۔

اگست کاروبار کی حالت درمیانی۔ الجھنوں سے بھرے ماحول سے سامنا رہے گا کسی کے ساتھ لین دین کے معاملے میں جھگڑا پیدا ہوگا۔ عورت اور اولاد کی طرف سے فکر پیدا ہوگی۔ صحت نرم رہے گی۔

ستمبر کاروباری معاملات میں سخت حالات کا مقابلہ کرنا پڑے۔ کسی قریبی دوست سے اختلاف پیدا ہو۔

اکتوبر ماہ کے نصف حصہ میں صحت میں گڑبڑی، فائدہ کم، خرچ زیادہ رہے گا۔ کوئی بگڑا کام بنے گا۔ مال و دولت حاصل ہوگا۔ ساجھیداری کے کاموں میں نقصان، کسی عزیز یا بیوی کے ساتھ من مٹاؤ ہو، زیادہ غصہ سے بچیں۔ ۳، ۶، ۷، ۱۱، ۲۴ تاریخیں نحس ہیں۔

نومبر کسی دوست کی مدد سے بگڑے کام بنے۔ گذارے کے لائق پیسہ حاصل ہوتا رہے گا لیکن خرچ بھی زیادہ رہے گا۔ پوشیدہ دشمنوں سے ہوشیار رہیں۔ ماہ کے آخر میں کسی حادثہ کی وجہ سے جسمانی اور ذہنی تناؤ بڑھے گا۔

دسمبر ماہ نصف شروع میں گذارے لائق مال و دولت حاصل ہوگا۔ کاروبار میں معمولی کامیابی حاصل ہوگی۔ نصف آخر میں بنتے کام میں رکاوٹ ہوگی۔ مالی فائدہ کم رہے گا اور فضول خرچی بڑھے گی۔ ۳، ۷، ۱۵، ۱۷، ۲۲، ۲۵ تاریخیں نحس رہیں گی۔

متھن راشی

جنوری سوچے ہوئے معاملات میں رکاوٹوں اور دقتوں کا سامنا رہے گا۔ مختلف طریقوں سے کوشش کرنے کے باوجود کوئی فائدہ حاصل نہیں ہوگا۔ ملازمت میں ترقی حاصل کرنے میں رکاوٹیں پیدا ہوں گی۔ ماہ آخر میں محنت کا ثمر ضرور حاصل ہوگا۔

فروری اس ماہ تحریری اور تحقیقی کام زیادہ سودمند رہیں گے۔ طلبا کو پریشانیوں کا سامنا رہے گا۔ گائتری منتر کا جاپ یقینی طور پر فائدہ مند رہے گا۔ تاریخ ۶، ۷، ۱۱، ۱۷، ۲۰ کو سفر کے آثار ہیں۔ جسمانی اور ذہنی تناؤ پریشان رکھیں گے۔

کرک راشی

جنوری شنی کے پربھاؤ کیوجہ سے آمدنی کم اور خرچ زیادہ رہے گا۔ ذہنی تناؤ اور گھریلو الجھنیں بڑھیں گی ان حالات کے باوجود برہسپت کی نگاہ سیدھی ہونے کیوجہ سے گذارے کے لائق آمدنی حاصل ہوتی رہے گی۔ بھائیوں اور دوستوں سے مدد حاصل ہوتی رہے گی۔

فروری ماہ کے نصف حصہ میں مال و دولت اور آرام و آرائش میں اضافہ ہوگا۔ بیوی یا اولاد کی طرف سے کسی اچھی خبر کے ملنے کے آثار ہیں۔ ۹ فروری سے منگل کی زیر حالت ہونے سے بھائیوں اور عزیزوں سے بے وجہ تکرار پیسہ کی فضول خرچی، جسمانی تکلیف اور گھریلو الجھنیں بڑھیں گی۔

مارچ کسی قریبی رشتہ دار یا دوست سے دل تبرائی اور غلط فہمی پیدا ہوگی۔ طلباء کو ان دنوں اپنی پڑھائی پر خاص توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ زیادہ محنت سے مال و دولت اور سکون و آرام میں اضافہ ہوگا۔ ۱۹، ۲۲، ۲۴، ۲۵، ۲۶ تاریخیں نہایت مصروفیت کی رہیں گی۔

اپریل کاروباری حالت اوسطاً ہلکی، تناؤ بھرے حالات سے سخت مقابلہ کرنا پڑے گا۔ لین دین کے معاملہ میں جھگڑا پیدا ہوگا۔ عورت اور اولاد کی طرف سے فکر بنی رہے گی۔ طلباء کو درگا چالیسا کا پاٹھ شبھ رہے گا۔ ۹، ۱۵، ۲۱ تاریخیں شبھ رہیں گی۔

مئی دل میں جوش اور غصہ کی کیفیت زیادہ رہے گی۔ قریبی رشتہ داروں سے من مٹاؤ پیدا ہوگا۔ اپنے بھی بے گانوں جیسا برتاؤ کریں گے۔ ۱۰ مئی سے منگل کی حالت بہتر ہونے سے بگڑے کام بنیں گے۔ ۱۴، ۱۵، ۲۸، ۲۹ تاریخیں خاص طور پر شبھ رہیں گی۔

جون اس ماہ میں کاروباری بھاگ دوڑ زیادہ رہے گی۔ کسی کمپٹیشن وغیرہ میں کامیابی ملے گی۔ مالی حالت کچھ نرم ہونے کی وجہ سے ذہنی تناؤ اور الجھنیں بڑھیں گی۔ سفر نہ کریں چوٹ لگنے کا اندیشہ ہے۔ وشنو سہسر کا پاٹھ کرنا شبھ رہے گا۔

جولائی آمدنی کم اور خرچ بہت زیادہ رہے گا۔ پوشیدہ تفکرات اور دشمن پریشان کریں گے۔ سفر اور مالی نقصان کا اندیشہ ہے۔ پیٹ سے متعلق کوئی بیماری بھی ہو سکتی ہے۔ احتیاط رکھیں۔ تاریخ ۲۴ کے بعد سے دولت ملنے کے آثار ہیں۔

اگست کاروباری معاملات موافق رہیں گے۔ کوئی اہم و شبھ خبر ملنے کے آثار ہیں۔ مخالف حالات میں تھوڑا صبر اور سوجھ بوجھ کی ضرورت ہے چونکہ ذہنی اور مالی دباؤ بنا رہے گا اسلئے فراخدلی کے ساتھ خرچ کرنا فائدہ مند نہیں ہوگا۔

ستمبر کاروباری حالت ٹھیک رہے گی۔ نئی نئی تجاویز زیر غور رہیں گی۔ والدین کی صحت کی فکر رہے گی۔ شرکت کاروبار میں کچھ نقصان کا ڈر ہے ماہ نصف میں حالات ٹھیک ہونا شروع ہو جائیں گے

اکتوبر کاروباری تجاویز کی جانب توجہ بڑھے گی۔ بیوی اور اولاد کی طرف سے مکمل تعاون حاصل رہے گا۔ مالی فائدہ کے ساتھ ساتھ خرچ میں بھی اضافہ رہے گا۔ آخر ماہ میں کسی الجھے مسئلہ کا حل نکلے گا ۱۷، ۱۹، ۲۱، ۲۳ تاریخیں کافی مصروفیت کی رہیں گی۔

نومبر کاروبار میں فائدہ ہوگا۔ نئی تجاویز میں توجہ بڑھے گی۔ ازدواجی زندگی پُرسکون رہے گی۔ ۲۴ نومبر سے منگل کی نگاہ زیر ہونے سے صحت کی خرابی و چوٹ وغیرہ لگنے کا اندیشہ ہے۔ خاص احتیاط رکھیں۔ شری درگا پوجن و شو آرادھنا کرنا شبھ رہے گا۔

دسمبر بہت زیادہ بھاگ دوڑ کے باوجود آمدنی کم رہے گی۔ بے وجہ ہی دل میں تھوڑا تناؤ رہے گا۔ کسی سے بلاوجہ الجھنا یا کوئی خطرہ مول لینا ٹھیک نہیں ہے۔ ۵، ۱۰، ۱۲، ۱۹، ۲۴ تاریخیں نہایت مصروفیت کی رہیں گی

سنگھ راشی

جنوری ماہ آغاز میں آمدنی کم اور خرچ زیادہ رہے گا اور صحت خراب رہیگی ذہنی تناؤ رہے گا کسی بنتے کام کے بگڑنے کا خطرہ ہے لیکن کوشش کرنے پر کامیابی حاصل ہوگی ماہ آخر میں گھریلو سکون میں کمی آئے گی۔

فروری مبارک کاموں پر دولت خرچ ہوگی، خوشی حاصل ہوگی۔ بزرگوں کی صحت کا خیال رکھیں۔ مالی مشکلات حل ہوں گی۔ ۱۰، ۱۲ تاریخیں شبھ رہیں گی۔ ماہ آخر میں کم آمدنی اور خرچ زیادہ رہے گا۔ خاندان میں سکون و اطمینان رہے گا۔

مارچ ذہنی تناؤ اور مختلف قسم کے مسائل کا سامنا کرنا پڑیگا۔ مالی فائدہ کم رہے گا۔ دوستوں اور عزیز و اقارب سے میل و محبت بڑھے گا۔ تاریخ ۲۶ کو احتیاط برتیں

اپریل مذہبی معاملات میں توجہ بڑھے گی۔ کاروبار و تجارت میں اضافہ ہوگا۔ اہم لوگوں سے سمجھوتہ کرنا فائدہ مند رہے گا۔ والدین کی صحت کا خیال رکھیں۔ غیر ممالک سے شبھ خبر ملنے کے آثار ہیں۔

مئی کاروبار اوسط درجہ کا رہے گا۔ طرح طرح کی پریشانیوں کے باوجود مال و زر حاصل ہوتا رہے گا۔ کسی اہم شخص سے ملاقات ہوگی۔ الجھی ہوئی گتھیوں کے حل ہونے سے ذہنی سکون و راحت نصیب ہوگی۔ دھرم و کرم میں توجہ بڑھے گی۔

جون کسی قریبی عزیز سے اختلاف پیدا ہوگا دوڑ۔ دھوپ اور اچانک سفر کے حالات ہیں۔ نئے کاموں میں پریشانی ہو سکتی ہے۔ کسی خاص وجہ سے دولت حاصل کرنے میں دقت و پریشانی پیش آئے گی۔ جسمانی پریشانی و ذہنی تناؤ بڑھے گا۔ نشہ وغیرہ سے دور رہیں۔

جولائی ماہ آغاز میں جسمانی تکلیف سے پریشانی میں اضافہ ہوگا۔ الجھنیں و مسائل پیدا ہوتے اور ختم ہوتے رہیں گے نہایت سخت حالات سے گذرنا ہوگا۔ کسی سے بے وجہ بحث و مباحثہ نہ کریں اور سفر کرتے وقت احتیاط برتیں۔

اگست شنی کی ڈھیہ کی وجہ سے بنتے کاموں میں رکاوٹ پیدا ہوگی اور دل اداس رہے گا۔ کسی قریبی عزیز دار سے تکرار ہوگی۔ ماہ آخر میں شبھ خبر اور رُکے ہوئے مال کی وصولیابی ہوگی اپنی صحت کا خاص خیال رکھیں

ستمبر بڑی محنت اور کوشش کے بعد کوئی بگڑا کام بنے گا۔ زیادہ خرچ ہونے سے ذہنی تناؤ بڑھے گا۔ جوش کی کمی کی وجہ سے اوسط درجہ کا فائدہ ملے گا۔ گھر و گرہستی میں اتار چڑھاؤ رہے گا۔

اکتوبر نئی ترقی اور گھریلو معاملات میں کامیابی ملے گی۔ یکسوئی ذہن سے کام کرنے پر فائدہ حاصل ہوگا۔ ملازمت میں ترقی ہوگی۔ آرام و آسائش کے کاموں پر خرچ رہے گا۔ اولاد کی جانب سے مدد ملے گی۔ امیدوں کے مطابق کامیابی حاصل ہوگی۔

نومبر بھاگ دوڑ اور نئے تعلقات سے نیا کاروبار بنے گا۔ مذہبی کاموں میں یش حاصل ہوگا۔ شبھ خبر اور غیر متوقع دولت حاصل ہوگی۔ والدین کی طرف سے مال و دولت ملنے کے آثار ہیں۔ غیر ممالک سے خط و کتابت ہوگی۔ رُکے ہوئے کام بننے کے آثار ہیں۔

دسمبر اچھی خبر، غیر متوقع دولت اور ترقی حاصل ہوگی۔ تاریخ ۸ سے اس راشی پر برہسپتی کی شبھ نگاہ پڑنے سے خاندان میں شبھ اور نیک و مبارک کام ہوں گے۔ بگڑے کام بنیں گے۔ ہنومان کی پوجا فائدہ مند ہے

کنیا راشی

جنوری طرح طرح کی رکاوٹوں کے باوجود گذارے لائق روپیہ پیسہ حاصل ہوتا رہے گا۔ کسی دوست کی مدد سے بگڑے کام بنیں گے۔ دشمنوں سے ہوشیار

فروری	آمد و خرچ اوسط درجہ کا رہے گا۔ مختلف پریشانیوں کے باوجود گذارے کے لائق دولت حاصل ہوتی رہے گی۔ بے کاری کی پریشانیوں کیوجہ سے ذہنی تناؤ بنا رہے گا۔ شرکت کے کاموں میں نقصان کا اندیشہ ہے کسی پر بھروسہ نہیں کریں نہیں تو نقصان ہوگا۔ اولاد کی طرف سے مدد حاصل رہے گی۔ ماہ آخر میں سواری چلاتے وقت احتیاط برتیں۔
مارچ	مالی فائدہ معمولی رہے گا۔ خرچ کی زیادتی کیوجہ سے ذہنی تناؤ اور غصہ میں اضافہ ہوگا۔ سستی میں اضافہ ہوگا۔ کسی قریبی عزیز سے من مٹاؤ پیدا ہوگا۔ بے مقصد سفر سے پریشانی اٹھانا پڑے گی صحت میں خرابی پیدا ہوگی۔ ماہ آخر میں غیر ممالک سے کوئی اچھی خبر ملے گی۔ دولت حاصل ہوگی اور کسی عزیز/دوست سے ملاقات ہوگی۔ اولاد سے آرام حاصل ہوگا۔ ۱۳، ۱۴، ۱۵، ۱۷، ۲۰، ۲۴ تاریخیں اچھی رہیں گی۔
اپریل	ماہ آغاز میں اولاد کی طرف سے فکر رہے گی اور ذہنی تناؤ بڑھے گا۔ کسی شخص کے ساتھ جھگڑے کے بھی آثار ہیں۔ رنگارنگ ماحول میں دلچسپی پیدا ہوگی کچھ چوٹ وغیرہ لگنے کی بھی ساعت ہے۔ سستی کا ماحول بنا رہے گا کسی سے لین دین کرتے وقت احتیاط رکھیں۔ ۱۴، ۱۵ تاریخوں میں اچانک سفر ہونے کی امید ہے۔ احتیاط ضروری ہے۔
مئی	مختلف دقتوں کے باوجود کامیابی حاصل ہوگی۔ کچھ پریشانیاں اچانک پیدا ہوں گی جس سے ذہنی تناؤ بڑھے گا۔ گھریلو زندگی میں بھی تناؤ رہے گا۔ جسمانی کمزوری رہے گی۔ کسی اچانک حادثہ سے گھر کا ماحول بگڑ سکتا ہے۔ ہفتہ کے آخر میں والدین سے مکمل تعاون حاصل رہے گا بے وجہ کے مسئلوں میں وقت ضائع ہوگا۔
جون	زمین و جائداد کے معاملات میں فائدہ ہوگا۔ شبھ خبریں سننے کو ملیں گی گھر میں کوئی نیک کام ہوگا۔ خرید و فروخت کرتے وقت احتیاط رکھیں۔ سیر و تفریح کے مواقع حاصل ہوں گے۔ عزت و وقار کا خیال رکھیں کچھ گھریلو ذمہ داریوں کی وجہ سے خرچ بڑھے گا۔ تعلیم میں محنت کے مطابق کامیابی ملیگی
جولائی	نئے پلانوں پر روپیہ لگانا ٹھیک نہیں ہے۔ فوری اقدام نہ ہونے کیوجہ سے عزت میں تھوڑا فرق پڑے گا۔ تجارت میں بہت زیادہ ہیر پھیر بدل کیوجہ نقصان ہوگا۔ لین دین کے معاملہ میں تناؤ پیدا ہوگا۔ بہت زیادہ محنت کے باوجود بھی کامیابی حاصل نہیں ہوگی۔ سواری سے چوٹ لگنے کا ڈر ہے۔ صحت سے متعلق احتیاط برتیں۔
اگست	ماہ شروع میں ذہنی تناؤ اور الجھنیں بڑھیں گی۔ کاروبار اوسط درجہ کا جسمانی تکلیف اور قریبی رشتہ داروں سے اختلاف پیدا ہوگا۔ اولاد اور بیوی کی طرف سے بھرپور تعاون حاصل رہے گا۔ اپنا وقت بے وجہ کے بحث و مباحثہ میں نہ لگائیں نہیں تو نقصان ہونے کا اندیشہ ہے کسی طرح کی سواری وغیرہ کی خرید و فروخت نہ کریں۔ سرکار کی طرف سے بنے ڈر و خوف کی وجہ سے پریشانی اور تناؤ بنا رہے گا۔
ستمبر	۲۴ اگست سے بدھ اعلیٰ راشی میں ہونے سے اچھے نتیجہ حاصل ہونگے بگڑے کام بنیں گے۔ غیر ممالک سے اچھی خبر اور بیوی و اولاد سے خوشی حاصل ہوگی۔ حصول تعلیم میں ترقی اور معمولی رکاوٹوں کے باوجود کامیابی حاصل ہوگی۔
اکتوبر	اچانک ہی امید افزا خبر سننے کو ملے گی۔ دوستوں اور رشتہ داروں سے ملاقات ہوگی۔ گھر یا خاندان میں مذہبی یا شادی وغیرہ پروگرام منعقد ہوں گے۔ والدین سے بھرپور تعاون حاصل رہے گا۔ ہمت سے کام کریں کامیابی حاصل ہوگی۔ بیرون ملک سے اچھی خبر ملے گی۔ کپڑوں، زیورات اور آرام و آرائش پر خرچ ہوگا۔
نومبر	یہ ماہ اوسط درجہ کا رہے گا۔ کافی جد و جہد کے بعد دولت حاصل ہوگی کسی اہم شخص سے تعاون حاصل رہے گا۔ گھریلو الجھنیں بڑھیں گی۔ دوڑ دھوپ بڑھے گی۔ غیر ممالک سے کسی بری خبر ملنے کا ڈر ہے۔ صحت سے متعلق احتیاط رکھیں۔
دسمبر	بہتر روزی کمانے کا موقع ہاتھ آئے گا۔ تجارت کے لحاظ سے یہ ماہ آپکے لئے بہتر رہے گا۔ گھر میں کوئی اچھا (شبھ) کام ہوگا۔ زمین و جائداد سے متعلق فائدہ ہوگا۔ کسی مجبی سے ملاقات ہوگی۔ ماہ آخر میں ریاحی تکلیف رہے گی۔ دوستوں اور عزیزوں سے تعاون حاصل رہے گا۔

تلا راشی

جنوری	تجارت سے متعلق مصروفیت بڑھے گی، تناؤ رہے گا لیکن ساتھ ہی شکر برہسپت کا یوگ ہونے سے الجھنوں کے باوجود گذارے کے لائق روپیہ حاصل ہوتا رہے گا۔ شری وشنو کی اپاسنا سے من کی مراد حاصل ہوگی
فروری	ماہ کے آغاز میں گذارے لائق روزی حاصل ہوتی رہے گی۔ کسی قریبی عزیز یا دوست کی طرف سے نہایت خوشی کا سماچار ملے گا۔ اہم کام کرنے کے لئے یہ ماہ بہت اچھا رہے گا۔
مارچ	کاروباری حالات سازگار رہیں گے۔ نیک کاموں کی طرف توجہ بڑھے گی خرچ زیادہ رہے گا۔ قسمت سے حصول دولت اور عزت میں اضافہ ہوگا۔ اچانک تجارت سے متعلق سفر کرنا پڑ سکتا ہے آرام کم ملیگا۔ شری ہنومان جی کی اُپاسنا بہتر رہے گی۔
اپریل	گذارے کے لائق دولت حاصل رہے گی کاموں میں امید کے مطابق کامیابی حاصل ہوتی رہے گی۔ تعلیم میں مکمل کامیابی ملتی رہے گی۔ تاریخ ۱۲، ۱۷، ۲۱، ۲۴، ۲۸ میں مصروفیت رہے گی۔
مئی	اس مہینہ میں اداسی بڑھے گی، بنتے کاموں میں رکاوٹیں پیدا ہوں گی پھر بھی گذارے لائق روزی حاصل ہوتی رہے گی۔ بے وجہ کی پریشانی سے دل پریشان رہے گا، اپنے بھی پرایوں جیسا برتاؤ کرینگے
جون	راشی کا مالک شکر اعلیٰ رہنے سے بگڑے کاموں میں سدھار رہیگا کوششوں میں امید کے مطابق کامیابی بھی ملے گی۔ اس راشی کے طلبا محنت کے بعد ہی کامیابی حاصل کر پائیں گے۔ بیوی اور اولاد سے آرام حاصل ہوگا۔
جولائی	اس مہینہ میں کوئی شبھ خبر حاصل ہوگی۔ بگڑے کام بنیں گے۔ کسی فرد سے ملاقات بھی ہوگی۔ تجارت اور ملازمت میں ترقی کے آثار ہیں کسی بڑے افسر سے تال میل رکھنے پر کامیابی ملے گی۔ ۵، ۱۶، ۱۹ اور ۲۶ تاریخوں میں سواری احتیاط کے ساتھ چلائیں۔
اگست	سماجک کاموں میں توجہ بڑھے گی اور آرام و آسائش میں اضافہ ہوگا۔ تجارتی معاملات میں اڑچنوں کے باوجود ترقی ملے گی عزت میں اضافہ ہوگا۔ سواری سے بھی خوشی حاصل ہوگی۔ پیٹ کی بیماری کا خطرہ ہے۔ کھانے پینے کی احتیاط رکھیں۔
ستمبر	کافی محنت کے باوجود امید کے مطابق دولت نہیں حاصل ہوگی کسی قریبی عزیز سے د . . . ملنے . آثار ہیں۔ اچانک سفر ہو سکتا

اکتوبر ۵ر اکتوبر سے راشی کا مالک شکر اسی راشی پر سنچار کرنے سے مالی فائدہ اور بگڑے کاموں میں بہتری آئیگی۔ زمین، عورت اور سواری پر خرچ ہوگا۔ ماہ آخر میں غصہ میں زیادتی اور بے وجہ خرچ میں اضافہ ہوگا۔

نومبر اگرچہ آمدنی کے ذریعہ بڑھیں گے لیکن خرچ میں بھی اضافہ ہوگا۔ زیادہ تر وقت مذہبی معاملات میں گذرے گا۔ اچانک کسی کام میں رکاوٹ آنے سے پریشانی پیدا ہوگی۔

دسمبر ۲۳ر دسمبر سے اس راشی پر سے راہو ہٹ جائے گا جس سے قسمت میں تیزی آئے گی۔ مالی فائدہ و الجھنوں میں کمی واقع ہوگی۔ عورتوں کے لئے ۱۴ر تاریخ کے بعد خوشیاں اور آرام و آرائش کے ماحول میں اضافہ ہوگا۔

برسچک راشی

جنوری سال کے آغاز میں عزت و وقار اور دولت میں اضافہ ہوگا کسی نئے کام کا پروگرام بنے گا۔ افراد خانہ اور دوستوں سے تعاون حاصل رہے گا۔ گھر میں کوئی نیک کام ہوگا۔

فروری ماہ نصف سے جوش میں اضافہ اور کاروبار میں کامیابی کے آثار نظر آتے ہیں۔ یکم فروری سے منگل نیچ راشی (کرک) میں آنے سے خاندان میں تناؤ کی کیفیت بنے گی۔ کاروبار اوسط درجہ کا جسمانی تکلیف اور ذہنی پریشانیاں زیادہ رہیں گی۔

مارچ ماہ کے شروع میں سستی کا ماحول بنا رہے گا اور زیادہ تر وقت بے کار کے کاموں میں ضائع ہوگا۔ خرچ میں زیادتی ہوگی کاروبار میں رکاوٹیں پیدا ہوں گی۔ شنی کی ڈھیا کی وجہ سے ذہنی تناؤ اور پریشانیوں میں اضافہ ہوگا۔

اپریل ماہ کے شروع میں محنت کے باوجود گذارے کے لائق روزی حاصل ہوگی۔ صحت کی خرابی کے آثار ہیں۔ ملازمت اور تجارتی معاملات میں الجھنوں اور پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔

مئی کام کاج میں دوڑ دھوپ زیادہ کرنا پڑے گی۔ سستی رہے گی پیسہ آرام و آسائش پر زیادہ خرچ ہوگا۔ بے کار و فضول کے کاموں میں وقت ضائع ہوگا۔ شنی کی ڈھیا کی وجہ سے گھر میں لڑائی جھگڑے ہونے کا خطرہ ہے۔

جون ۴ر جون سے شنی کی نگاہ سیدھی رہے گی۔ مالی معاملات میں بہتری آئے گی۔ ملازمت اور تجارت میں پیدا رکاوٹیں دور ہونگی محنت کرنے پر کامیابی حاصل ہوگی۔ طلباء کو حصولِ تعلیم میں کامیابی ملے گی۔

جولائی ماہ آغاز میں ترقی اور تجارت میں مالی فائدہ حاصل ہونے کے آثار ہیں۔ کسی کی مدد سے نئی یوجنا بنے گی۔ زمین و جائیداد کا آرام حاصل ہوگا۔ دل کی بے قراری کی وجہ سے کچھ غیر ضروری مسئلے پیدا ہو سکتے ہیں۔

اگست ہمت اور حوصلہ مندی سے مالی فائدہ حاصل ہوگا۔ لین دین کی فکر رہے گی۔ آمدنی کم اور خرچ زیادہ رہے گا۔ صحت کا خاص خیال رکھیں۔ ۱، ۱۹، ۲۲ اور ۲۵ر تاریخوں میں اچانک دولت ملنے کے آثار ہیں۔

ستمبر اس ماہ میں مالی فائدہ معمولی رہے گا۔ زمین و جائیداد کی خرید و فروخت میں احتیاط رکھیں۔ گھریلو الجھنیں والدین کی مداخلت سے ختم ہوں گی۔

اکتوبر ماہ نصف کا زیادہ تر وقت بے کار کی پریشانیوں میں ضائع ہوگا بھاگ دوڑ زیادہ رہے گی۔ ۱۲ر اکتوبر سے منگل اسی راشی پر سنچار کرے گا جس سے ماحول میں بہتری آئے گی۔ مذہبی کاموں پر پیسہ خرچ ہوگا۔ زمین و جائیداد سے فائدہ حاصل ہوگا۔

نومبر ماہ کے شروع میں کسی بڑی خوشی کی خبر ملے گی۔ مالی فائدہ اور کاموں کے ٹھیک ہونے کے آثار ہیں۔ عزت میں اضافہ اور ترقی کے آثار ہیں۔ نئی یوجناؤں کو پورا کرنے کے آثار بنیں گے۔ ۲۲، ۲۰، ۲۵ اور ۲۸ر تاریخیں شبھ ہیں۔

دسمبر عزت و وقار میں اضافہ آرام و سکون کے حالات بنیں گے مصروفیت بڑھے گی۔ سماجی کاموں میں توجہ بڑھے گی۔ مذہبی کاموں پر پیسہ خرچ ہوگا۔ نئے کاموں کے کرنے کا پروگرام بنے گا۔

دھن راشی

جنوری ماہ کے آغاز سے ہی آمدنی کم اور خرچ زیادہ رہے گا۔ گھریلو الجھنوں کی وجہ سے مزاج میں چڑچڑاپن رہے گا غصہ پر قابو رکھیں ماہ آخر میں جوش میں زیادتی اور جدوجہد زیادہ رہے گی۔ معمولی چیزوں سے بھی فائدہ ہوگا۔

فروری اس ماہ میں نہایت اہم حالات سے گذرنا پڑے گا۔ تجارت میں طرح طرح کی رکاوٹیں پیدا ہوں گی۔ گھریلو الجھنوں کی وجہ سے دل پریشان رہے گا۔ جسمانی تکالیف رہے گی، صحت کا خاص دھیان رکھیں دوستوں اور عزیزوں سے بحث و مباحثہ کے مواقع بڑھیں گے۔

مارچ ماہ نصف سے ذہنی تناؤ بڑھے گا اور الجھنیں بڑھیں گی۔ مالی نقصان یا کوئی حادثہ ہونے کا خطرہ ہے۔ دل پریشان زیادہ رہے دشمن طاقتور رہیں گے۔ زمین، مکان، سواری اور اولاد پر زیادہ خرچ رہے گا۔

اپریل اچانک دولت ملنے کے آثار ہیں، آسائش کے کاموں پر پیسہ خرچ ہوگا سواری سے آرام ملے گا۔ نئے کاموں کے پروگرام بنیں کسی قریبی رشتہ دار سے اختلاف پیدا ہو۔ چھپے دشمن سے ہوشیار

مئی ماہ نصف آغاز میں گذارے لائق روزی حاصل ہوگی جوش میں اضافہ اور تجارت میں معمولی کامیابی ملے گی۔ نصف ماہ میں بنتے کام میں رکاوٹ پیدا ہوگی۔ مالی فائدہ معمولی اور فضول خرچی بڑھے گی ۳، ۷، ۱۴، ۲۳، ۲۵ تاریخیں نحس رہیں گی۔ مزید معلومات کے لئے اپنا سالانہ راشی پھل بنوائیں۔

جون یہ مہینہ جدوجہد سے بھرپور رہے گا بنتے کاموں میں رکاوٹیں پیدا ہوں گی۔ زیادہ محنت اور بھاگ دوڑ کے بعد معمولی فائدہ ملے گا۔ ماہ نصف میں ترقی و عزت و وقار میں اضافہ ہوگا۔

جولائی صحت میں بہتری اور مالی فائدہ ٹھیک رہے گا۔ کسی پیارے دوست سے ملاقات ہو نئے کاموں کی یوجنا بنے۔ عورت اور اولاد کی طرف سے اچھی خبر سننے کو ملے۔ گھر میں کسی نیک اور شبھ کام کے ہونے کے آثار ہیں۔ ۷، ۱۰، ۲۲، ۲۳ اور ۳۱ر تاریخیں شبھ رہیں گی۔

اگست اچانک دولت ملنے کے آثار ہیں۔ آسائش وغیرہ کے کاموں پر خرچ ہوگا۔ سواری سے آرام ملے۔ نئے کاموں کے پروگرام بنیں۔ ماہ آخر میں کسی پیارے دوست سے تعلقات میں بگاڑ پیدا ہو۔ پوشیدہ دشمنوں سے ہوشیار رہیں۔

ستمبر اس ماہ دھرم کرم کے کاموں میں دلچسپی بڑھے گی۔ جوش و خروش میں اضافہ اور تجارت میں معمولی اضافہ ہوگا۔ نصف ماہ میں بنتے کاموں میں رکاوٹیں پیدا ہوں گی۔ مالی فائدہ معمولی اور فضول خرچی میں اضافہ ہوگا۔

اکتوبر ماہ کے نصف میں کاروباری مصروفیت بڑھے گی۔ کسی نئے کام کا پروگرام بنے گا۔ بیوی اور اولاد سے خوشی حاصل ہوگی۔ اچانک دولت ملنے کے بھی آثار ہیں۔ بے وجہ سفر سے پریشانی بڑھے گی

نومبر ماہ نصف کا زیادہ حصہ اچھے پھل دینے والا ہوگا۔ تجارت میں فائدہ اور ترقی کے مواقع حاصل ہوں گے۔ کسی اچھے کام پر خرچہ ہوگا۔ ماہ آخر میں فضول خرچی، خون کا دباؤ اور جسمانی تکالیف کا سامنا رہے گا۔ ۱۱، ۱۳، ۱۷، ۲۱ اور ۲۳ تاریخیں نحس ہیں۔

دسمبر ۹ دسمبر سے برہسپت کا اسی راشی پر سنچار کرنے سے عزت و وقار میں اضافہ ہوگا۔ آمدنی کے ذریعہ بڑھیں گے۔ روزانہ کے کاموں میں ترقی ہوگی۔ اولاد و عزیز و اقارب سے تعلقات میں بہتری آئے گی۔

کنبھ راشی

جنوری سال کے آغاز میں منگل کی خاص نگاہ اس راشی پر ہونے سے بنتے کام میں رکاوٹیں پیدا ہونگی۔ گھریلو الجھنیں، جسمانی تکالیف اور مالی مشکلات بڑھیں گی۔ کسی حادثہ یا چوٹ لگنے کے بھی آثار ہیں۔

فروری کاروبار میں معمولی فائدہ ہوگا، صحت مناسب۔ تعلیم در اولاد کی طرف سے فکر بنی رہے گی۔ کسی افسر کے تعلق سے بگڑے کام بنیں گے۔ مالی مشکلات اور گہری ہوں گی۔ بے وجہ سفر سے پریشانی بڑھے گی۔ ماہ آخر میں محنت کرنے سے امید کے مطابق نتیجہ برآمد ہوگا۔

مارچ کاروبار معمولی اور مالی فائدہ بھی معمولی رہے گا۔ روزگار کے لئے دوڑ دھوپ زیادہ رہے گی۔ کسی اپنے کی مدد سے کاروبار میں کامیابی ملے گی۔ ترقی اور عزت و وقار میں اضافہ ہوگا۔ طالب علموں کو امید کے مطابق کامیابی حاصل ہوگی۔ کسی منگل کام پر خرچ ہوگا۔

اپریل ملازمت اور کاروبار میں نہایت جدوجہد بھرے حالات سے سامنا کرنا پڑے۔ کسی بڑے افسر کی مدد سے تمام پریشانیاں حل ہونگی۔ کافی محنت کے باوجود آمد سے زیادہ خرچ ہوگا۔ ساجھیداری کے معاملات میں نقصان کا ڈر ہے۔ ماہ آخر میں حالات میں بہتری آئے اور بگڑے کام بننے کی امید ہے۔

مئی نصف ماہ میں گھریلو الجھنیں بڑھیں گی اور ذہنی تناؤ میں اضافہ ہوگا۔ کافی محنت اور جدوجہد کے بعد بھی مالی فائدہ معمولی رہے گا۔ خرچ زیادہ رہے گا۔ ماہ آخر میں رکے ہوئے کاموں میں بہتری آمدنی کم اور خرچ زیادہ رہے گا۔ سرکار کی طرف سے عزت و وقار میں اضافہ ہوگا۔

جون اس ماہ میں کوشش کرنے پر ملازمت اور کاروبار میں اضافہ ہوگا۔ کام کاج کے طریقوں میں تبدیلی سے بہتری آئے گی۔ ماہ آخر میں بے فضول

بے وجہ سفر ہوگا اور آسائش پر پیسہ خرچ ہوگا۔ غیر ممالک سے کسی اچھی خبر کے ملنے کی امید ہے۔ کسی خاص شخص پر بھروسہ نہ کریں۔

جولائی جسمانی اور ذہنی طور پر سستی بڑھے گی۔ محنت کرنے پر مناسب فائدہ حاصل نہیں ہوگا۔ دوستوں کے ساتھ اختلاف پیدا ہوں گے۔ کافی جدوجہد اور محنت کے باوجود مالی فائدہ حاصل ہوگا۔ آمدنی کم اور خرچ زیادہ رہے گا۔

اگست ماہ نصف سے ذہنی الجھنیں اور تناؤ بڑھے گا۔ مالی نقصان اور کسی حادثہ کا ڈر ہے ہوشیار رہیں۔ ۱۲ تاریخ سے سورج کی حالت شبھ ہونے سے دولت و ترقی ملنے کے یوگ ہیں۔ غیر ملکی سفر کا بھی پروگرام بنے گا۔

ستمبر نصف ماہ میں ملے فائدہ سے خوشی حاصل ہوگی۔ دوستوں سے خوشی حاصل ہوگی کسی سے لین دین کرتے وقت احتیاط رکھیں۔ ماہ آخر میں رکاوٹوں کے باوجود دولت حاصل ہوگی۔ غیر ملکی دوستوں سے اختلاف پیدا ہوں گے۔ طلباء کو پریشانی اٹھانا پڑ سکتی ہے۔ گائتری منتر کا جاپ کرنا بہتر رہے گا۔ ۵، ۱۳، ۱۷، ۲۲ اور ۲۶ تاریخیں نحس ہیں۔

اکتوبر اس ماہ میں شبھ یوگ ہونے سے مالی فائدہ اور بگڑے کاموں میں بہتری آئے گی۔ کسی خاص شخص سے تعلق بنے گا۔ عزت و وقار میں اضافہ ہوگا۔ ماہ آخر میں الجھے ہوئے کام پورے ہوں گے۔ طلباء کو محنت کرنے پر کامیابی ملنے کے پورے آثار ہیں۔

نومبر اس مہینہ میں محنت کے باوجود گذارے لائق روزی ملتی رہے گی کسی قریبی دوست کی مدد سے کسی نئے کام کا پروگرام بنے گا لیکن اس میں پورا فائدہ حاصل نہیں ہوگا۔ ۳، ۱۰، ۱۲، ۲۳ اور ۲۴ تاریخیں نحس ہیں۔

دسمبر ماہ آخر میں مالی فائدہ اور کئی کام پورے ہونے کی امید ہے۔ محنت کے کاموں میں ترقی اور غصہ کی زیادتی سے کام بگڑنے کی امید ہے۔ ماہ نصف میں آمدنی کم اور خرچ زیادہ ہونے کی امید ہے۔ سستی میں اضافہ اور کاروبار کی حالت مناسب رہے گی۔ شری وشنو سہترام کا پاٹھ کرنا شبھ رہے گا۔

مکر راشی

جنوری راشی سوامی شنی دوسرے مقام میں اور شنی ساڑھ ستی ہونے سے خاندانی اور کاروباری الجھنیں بڑھیں گی۔ خرچ کی زیادتی کی وجہ سے دل پریشان رہے گا۔ شنی چالیسہ کے پاٹھ سے کام بنیں

فروری ماہ کے شروع میں مختلف رکاوٹوں کے باوجود حصول دولت کے موقع میسر ہوں گے۔ کسی قریبی دوست کی مدد سے بگڑا کام بنے گا۔ زمین یا سواری کی خرید نہ کریں

مارچ کاروباری معاملات میں مصروفیت بڑھے گی۔ کسی نئے کام کا پروگرام بنے گا۔ مزاج میں تیزی آئے گی اور دل میں برے خیالات پیدا ہوں گے۔ ماہ آخر میں کچھ امید کے مطابق مالی فائدہ حاصل ہوگا۔

اپریل کافی جدوجہد بھرے حالات کے باوجود کاروبار میں مالی فائدہ اور ملازمت میں ترقی کے آثار ہیں۔ محنت کرنے پر مناسب فائدہ حاصل ہوگا۔ حصول تعلیم میں کافی محنت کرنا پڑے گی۔ صحت مناسب رہے گی فضول کی بحث و مباحثہ میں وقت برباد نہ کریں۔

مئی
اس ماہ میں مختلف پریشانیاں، الجھنیں اور فکریں بڑھیں گی حصولِ دولت میں رکاوٹیں پیدا ہوں گی۔ صحت میں بگاڑ پیدا ہو۔ شنی ستہر کا پاٹھ کریں۔

جون
۳؍جون سے شنی ساڑھ ستی کے اثر سے آزاد ہو جائے گا اسلئے کاروبار میں نئی کامیابیاں حاصل ہوں گی۔ بگڑے کام بنیں گے کسی نئے کام کا پروگرام بنے گا۔

جولائی
معمولی کوشش کرنے پر نئے نئے معاملات ہوں گے۔ حصولِ تعلیم میں کامیابی حاصل ہوگی۔ یہ وقت نیک کام کرنے کا ہے۔ یوجناؤں میں پھیر بدل کرنے سے بہتری ہوگی نہیں تو اختلافات بڑھیں گے

اگست
عورت اور اولاد سے خوشی حاصل ہوگی۔ کوشش وجد وجہد کے بعد کامیابی ملے گی۔ تجارت پیشہ حضرات کو اچانک مالی فائدہ یا نقصان ہونے کا اندیشہ ہے۔

ستمبر
نئے پروگراموں کو عملی شکل دینے میں کامیابی ملے گی۔ مذہبی معاملات پر خرچ زیادہ رہے گا۔ امیدیں معمولی طور پر کچھ پوری ہوں گی۔ ملازمت میں کام کی بہتری کیوجہ سے ترقی کے آثار ہیں۔

اکتوبر
زمین وجائیداد سے فائدہ حاصل ہوگا۔ گھریلو ماحول کے ٹھیک ہونے سے کاروباری میدان میں جو رکاوٹیں ہیں وہ دور ہوں گی۔ عزت و وقار بنائے رکھنے کے لئے کافی محنت کرنا پڑیگی

نومبر
اچانک مالی نقصان اور سواری وغیرہ سے خرچ بڑھے گا۔ حصولِ تعلیم میں اپنی محنت کو اور بڑھانے کی ضرورت ہے۔ ذہنی تناؤ اور پوشیدہ پریشانیوں اور فکروں سے پرہیز کریں۔

دسمبر
آرام و آسائش کے معاملوں پر خرچ زیادہ رہے گا جسمانی تکالیف بڑھنے کا یوگ ہے۔ آمدنی کم اور خرچ زیادہ رہے گا۔ کسی قریبی عزیز سے اختلاف و جھگڑے کا ڈر ہے۔

مین راشی

جنوری
ماہ آغاز میں آمدنی کم اور خرچ زیادہ رہے گا۔ بنتے کاموں میں طرح طرح کی رکاوٹیں پیدا ہوں گی۔ کسی قریبی عزیز سے من مٹاؤ پیدا ہو۔ غیر ضروری سفر کرنا اچھا نہیں ہے۔

فروری
اس ماہ میں دھرم کرم کے کاموں میں توجہ بڑھے گی۔ گھر میں مذہبی پروگرام ہوں گے۔ اچانک تبدیلی سے سب حیرت زدہ رہ جائیں گے۔ سرکار میں عزت و وقار میں اضافہ ہوگا۔ تجارت اور ملازمت میں ترقی کے یوگ ہیں والدین کی صحت کا خیال رکھیں۔ تعلیم اور اولاد کی طرف سے اچھی خبر ملنے کی امید ہے۔

مارچ
ماہ نصف سے مالی مشکلات کا سامنا کرنا پڑیگا۔ صحت میں گراوٹ آئیگی۔ گھریلو جھگڑوں کی وجہ سے ذہنی تناؤ اور پریشانیوں کا سامنا رہے گا۔ آمدنی کم اور خرچ زیادہ رہے گا۔ ماہ آخر میں پرو پکار کے کاموں میں دلچسپی بڑھے گی۔ دوسروں کے مسئلوں کی وجہ سے پریشانیاں بڑھیں گی۔

اپریل
اس ماہ میں گھریلو حالات ٹھیک ہونے کی وجہ سے حالات میں بہتری آئے گی۔ بگڑے کام بنیں گے۔ صحت میں بہتری آئے گی دوستوں اور عزیزوں سے مدد ملے گی۔ ماہ آخر میں غصہ کی زیادتی اور جلد بازی کیوجہ سے کچھ کام بگڑیں گے۔ احتیاط رکھیں

مئی
اس ماہ میں مالی فائدہ معمولی اور جوش و خروش میں کمی ہوگی سرور داور بلڈ پریشر کا ڈر اور تجارت میں آثار چڑھاؤ بدستور بنا رہے گا۔ گھریلو الجھنوں کی وجہ سے دل پریشان رہے گا۔ اچانک پیسہ بے وجہ خرچ ہوگا۔ سورج کی پوجا بہتر رہے گی

جون
اس ماہ میں کاروباری جوکھم اٹھانا ٹھیک نہیں ہے خرچ کی زیادتی رہے گی اور آمدنی کم رہے گی۔ کسی خاص کام کے پورے ہونے میں رکاوٹیں پیدا ہوں گی۔

جولائی
جسمانی اور ذہنی سستی کا دور رہے گا۔ محنت کرنے پر مناسب فائدہ حاصل نہیں ہوگا۔ دوستوں کے ساتھ اختلاف پیدا ہونگے کافی جدوجہد کے بعد حصولِ دولت ہوگا۔ آمدنی کم اور خرچ زیادہ رہنے کے آثار ہیں۔

اگست
ماہ نصف میں ذہنی تناؤ اور الجھنوں میں اضافہ ہوگا۔ مالی نقصان اور کسی حادثہ کے ہونے کے اشارے ہیں۔ ہوشیار رہیں ۱۲؍تاریخ سے سورج صحیح حالت میں ہونے سے مالی فائدہ و ترقی کے یوگ ہیں۔ غیر ملک جانے کا پروگرام بھی بنے۔

ستمبر
ماہ نصف میں حاصل ہونے والے مالی فائدہ سے خوشی حاصل ہوگی۔ دوستوں کے ساتھ تال میل بنے گا۔ کسی سے لین دین کرتے وقت احتیاط رکھیں۔ ماہ آخر میں مختلف رکاوٹوں کے باوجود دولت حاصل ہوگی۔ غیر ملکی دوستوں سے اختلاف پیدا ہوگا طلباء کو پریشانی ہو سکتی ہے۔ گائتری جپ کرنے سے شبھ پھل حاصل ہوگا۔ ۵، ۲۳، ۱۷، ۱۰ اور ۲۶ تاریخیں نحس ہوں گی۔

اکتوبر
اس ماہ میں شبھ یوگ ہونے سے مالی فائدہ اور بگڑے کام بننے کے یوگ ہیں۔ کسی اہم شخص سے ملنے کے اشارے ہیں۔ عزت و وقار میں اضافہ ہوگا۔ ماہ آخر میں رکے ہوئے کام پورے ہوں گے طلباء کو محنت کرنے پر کامیابی ملنے کی امید ہے۔

نومبر
اس ماہ میں الجھنوں کے باوجود گذارے لائق مالی فائدہ حاصل ہوتا رہے گا۔ کسی دوست کی مدد سے کسی نئے کام کی یوجنا بنے گی۔ لیکن اس میں مکمل فائدہ حاصل نہیں ہوگا۔ ۳، ۱۰، ۱۲، ۲۳ اور ۲۶ تاریخیں نحس ہیں۔

دسمبر
ماہ نصف حصہ میں مالی فائدہ اور کوئی شبھ کام ہوگا۔ مشکل کاموں میں کامیابی حاصل ہوگی۔ غصہ کی زیادتی کیوجہ سے کوئی کام بگڑے گا۔ ماہ نصف آخری حصہ میں آمدنی کم اور خرچ زیادہ رہے۔ سستی میں زیادتی اور کاروبار معمولی رہے گا۔ شری وشنو سہسترام کا پاٹھ کرنا شبھ ہوگا۔

گرہوں کی بنا پر سال ۱۹۹۵ء عیسوی بارے پیشگوئیاں

سرو شکتی مان بھگوان کی اپار کرپا سے مفید عالم جنتری کو شائع ہوتے ہوئے ایک سو بیس سال گزر گئے ہیں اس لمبے عرصہ میں اسے جو قابل تحسین مقبولیت اور شہرت حاصل ہوئی ہے وہ اس کے ہر دلعزیز ہونے کا بین ثبوت ہے۔ بھارت کے کونے کونے اور غیر ممالک سے اس کے قدر دانوں کی طرف سے تعریف کے خطوط کا تانتا بندھا رہتا ہے۔ یہ بجا طور پر کہا جا سکتا ہے کہ مفید عالم جنتری بھارت بھر سے شائع ہونے والی تمام جنتریوں کی رہنمائی کرتی ہے۔ یہ امر تسلیم شدہ ہے کہ اس جنتری میں جو معلومات اور پیشین گوئیاں کی جاتی ہیں وہ درست ہوتی اور مانی جاتی ہیں۔ کیونکہ وہ جیوتش و گیان جیوتش شاستر کی بنا پر دی جاتی ہیں۔ امر کے لئے گزشتہ برسوں کی جنتریاں اور اس کی لگاتار بڑھ رہی اشاعت گواہ ہے۔ سنہ ۱۹۸۴ء سے لے کر گزشتہ برس تک جو پیشین گوئیاں درست نکلیں وہ اس طرح ہیں:۔ سنہ ۱۹۸۴ء میں صفحہ ۶ پر مرکزی وزارت میں اچانک تبدیلی اور مختلف مقامات پر دنگہ فساد اور تشدد آمیز واردا توں کا ہونا۔ اور کسی اہم لیڈر کی اچانک موت (جیسا کہ پردھان منتری اندرا گاندھی کا قتل صفحہ ۶ کالم ۲ پر)۔ سنہ ۱۹۸۸ء کی جنتری میں پاکستان کے صدر کی اچانک موت کے بارے پڑھیں (صفحہ ۱۸ پر)۔ پنجاب میں وارداتوں اور خونریزی کی وارداتوں بارے پیش گوئی۔ سنہ ۱۹۸۹/۹۰ء میں بھارت کے ڈھانچے میں زبردست تبدیلیاں ہونا کانگرس کے وقار کو زبردست ٹھیس پہنچنا (صفحہ ۱۶ پر) سنہ ۱۹۹۱ء کی مفید عالم جنتری کے صفحہ ۵ پر بھارت کی اہم ہستی کی موت (راجیو گاندھی کا قتل)۔ پاکستان میں حکومت کا گرنا (صفحہ ۱۶) اور سنہ ۱۹۹۲ء کی مفید عالم جنتری میں اتر پردیش بہار اور جموں کشمیر وغیرہ صوبوں میں تخریبی کارروائیاں ہونا اور سیلاب وغیرہ سے تباہی (صفحہ ۱۸-۱۹)۔ سنہ ۱۹۹۳ء کی اس جنتری میں ۱۷-۱۸ صفحہ پر پڑھیں ساون کے مہینے میں دیش میں سیلاب، زلزلے اور طوفان وغیرہ قدرتی آفات کا نازل ہونا اور جانی اور مالی نقصان (جیسا کہ بھارت کے مہاراشٹر صوبہ میں قدرتی آفات سے جانی اور مالی نقصان ہوا صفحہ ۱۸ کالم ۲)۔ پاکستان اور مسلم ممالک میں روسی حکومت کا گرنا۔ سیاسی ٹکراؤ اتھل پتھل کے بعد عہدہ میں تبدیلی جیسا کہ نواز شریف حکومت کا گرنا اور بے نظیر بھٹو کا وزیر اعظم بننا۔ سنہ ۹۴ء کی اس جنتری میں ساون ماہ (جولائی اگست کے دوران) پانچ منگلوار اور پانچ سنیچروار ہونے سے کشمیر، اتر پردیش، مدھیہ پردیش، گجرات، مہاراشٹر، آسام وغیرہ صوبوں میں سیلاب، طوفان، پیچیدہ بیماریوں کی وجہ سے سخت نقصان ہوتا اور کسی صوبہ کے سرکردہ حکمران میں تبدیلی ہونا" وغیرہ وغیرہ (پنڈت پنا لال ایم اے جیوتشی مصنف مفید عالم جنتری اڈہ ہوشیار پور جالندھر)

داخلہ برس پرویش کنڈلی اور دنیا کے حالات

بکرمی سمت ۲۰۵۲ کا آغاز چیت بدی اماوس شکروار کو تین گھڑی اور ۱۵ پل پر (مطابق ۳۱ مارچ) پرورشٹہ پروشٹہ ۱۸ چیت کو صبح ۶ بجکر ۱۴ منٹ پر میکھ

- ۱: کیتو
- ۲
- ۳
- ۴: منگل
- ۵
- ۶
- ۷: راہو
- ۸: برہسپت، پلوٹو
- ۹
- ۱۰: یورینس
- ۱۱: سنیچر، شکر
- ۱۲: سورج، بدھ، چندر

لگن میں نئے سال کا داخلہ ہوگا۔ برس لگن میں تامس گرہ کیتو مقیم ہے اور اس پر سنیچر کی خاص تیسری نظر پڑ رہی ہے۔ لگن کا مالک منگل چوتھے خانہ میں نیچ راشی کا پڑا ہوا ہے۔ اگرچہ اس پر برہسپت کی نیک (شبھ) نظر پڑ رہی ہے۔ گرہوں کی پوزیشن کے مطابق میکھ، کرک، تلا، مکر، کنبھ اور مین راشی کے زیر اثر ملکوں میں سیاسی اور معاشی (سماجی) ماحول کشیدہ رہے گا۔ کہیں فوجی طاقتوں کا تصادم اور تشدد آمیز واقعات۔ کہیں حکومت میں رد و بدل۔ کہیں قدرتی آفات کا نازل ہونا اور دیگر ناپسندیدہ واقعات کے رونما ہونے کے آثار ہیں۔ بوسنیا، سومالیہ، کینیڈا، مشرقی افریقہ، بنگلہ دیش، پاکستان، بھارت، نیپال، افغانستان وغیرہ ممالک سیاسی غیر یقینی اور سیاسی اتھل پتھل ہونے کے لوگ ہیں۔

برس پرویش کے انوسار برس پرویش کنڈلی میں میکھ لگن ابھرنے تو اس برس مشرقی اور شمالی ممالک میں حکومتی انقلاب یعنی سیاسی ٹکراؤ ہوتے ہیں۔ اناج کی کمی ہوتی ہے۔ شمال مشرقی اور جنوبی اطراف میں اناج کی پیداوار اچھی رہے۔ اور لوگ خوشحال رہیں۔ تیل گھی وغیرہ چکنی اشیا مہنگی رہیں گی۔ اناج کی خرید و فروخت سے فائدہ رہے۔

نئے برس پرویش کنڈلی کے انوسار مذکورہ بالا یورپی مغربی اور شمالی ممالک میں سیاسی حالات خاص طور پر غیر یقینی اور ڈانوا ڈول رہیں گے۔

جگت لگن کنڈلی کے مطابق پیش گوئی

بکرمی سمت ۲۰۵۲ میں چیت شکل چودش (۱۴) سنیچروار کو ہست نکشتر اور بیا گھات یوگ کے زیر اثر سورج بھگوان صبح ۶ بجکر ۴۰ منٹ (۱۸ گھڑی ۱۱ پل وغیرہ) پر میکھ لگن میں داخل ہوں گے۔ لگن کا

- ۱: سورج، بدھ، کیتو
- ۲
- ۳
- ۴: منگل
- ۵: چندر
- ۶
- ۷: راہو
- ۸: برہسپت، پلوٹو
- ۹
- ۱۰: یورینس، نیپچون
- ۱۱: سنیچر، شکر
- ۱۲

مالک بدھ دسویں خانہ میں ملین (نیچ راشی) میں قائم ہے۔ اس پر برہسپت کی خاص (پانچویں) درشٹی (نظر) پڑ رہی ہے۔ مالی اور بیوپار کے گھر پر اگرچہ منگل نیچ کا ہے مگر اس پر بھی گورو کی خاص نانویں نظر پڑ رہی ہے۔ ناتویں خانہ (منصوبہ بندی) پر سنیچر اور شکر کا یوگ مبارک ہے۔ مگر گیارہویں خانہ میں سورج اور کیتو کا یوگ غیر مبارک ہے۔ جگت کنڈلی میں قائم گرہوں کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ میکھ متھن کرک کنیا مثلاً مکر کمبھ اور مین راشیوں کے زیر اثر ممالک خاص طور پر متاثر ہوں گے۔ نتیجہ کے طور پر سنسار کے اہم ممالک مثلاً انگلینڈ۔ آئرلینڈ۔ پولینڈ۔ نیپال۔ پولینڈ سیریا۔ امریکہ۔ جنوبی افریقہ۔ مارشیس۔ پاکستان۔ ارجنٹائن۔ چین۔ بھارت۔ افغانستان روس بلوچستان۔ سوملیہ و غیرہ ممالک میں سیاسی بدحالی اور غیر یقینی حالت پھیلے گی۔ کہیں سیاسی ٹکراؤ اور کہیں سرکاری ڈھانچوں میں ردو بدل۔ مذہبی جھگڑے۔ تشدد آمیز واقعات اور سیلاب طوفان بھونچال و غیرہ قدرتی آفات کے نازل ہونے کے یوگ ہیں۔ کسی چوٹی کے رہنما کی جگہ کے خالی ہونے کے یوگ ہیں۔ بیساکھ۔ ہاڑ۔ ساون۔ کارتک۔ پوہ اور ماگھ مہینوں میں ناپسندیدہ اور تخریبی واقعات اور حادثات رونما ہونے کے اشارے ملتے ہیں۔ مختلف ممالک میں اندرونی بدامنی کی وجہ سے لوگوں میں تحفظ اور کے قائم نہ رہنے کا ڈر رہے گا اور کشاکشی کی حالت رہے گی۔

جگت لگن کے ذریعے افرادی بھلائی برائی کا وچار

جنم کنڈلی میں اپنی جنم راشی جس جس بھاو راشی پڑے اُس کا ویسا ہی پھل جانیں۔ جگت کنڈلی میں بارہ گھروں کو بارہ مہینے سمجھ کر اُن میں پڑے ہوئے مبارک۔ برے اور ظالم گرہوں کے قیام کے مطابق اچھے برے نتائج اخذ کرے۔ لگن خانہ سے وشاکھ جیٹھ و غیرہ مہینوں کی ترتیب وار گنتی کرکے اس کے مطابق بارہ مہینوں کا نیک اور بد پھل جانتے۔ جگت لگن میں اگر آپ کی راشی نامبارک گرہوں کے ساتھ قائم ہو یا نامبارک گرہوں سے دیکھی جا رہی ہے لگن سے چھٹے آٹھویں اور بارہویں خانہ میں پڑتی ہو تو آنے والا سال رنج۔ دکھ۔ پریشانی اور دشمنوں کے خوف سے دہلانے والا اور ناموافق حالات والا ہوگا۔ زر و مال کا نقصان اور آمدنی کم رہے گی۔ ان تکلیفوں کے اثرات سے بچاؤ کے لئے ابتدائی طور پر بیساکھ مہینہ کی سنکرانت کے دن اپنے معبود کا زیادہ سے زیادہ تعداد میں جپ (ورد) اور پاٹھ کرکے حسب توفیق روپے پیسے۔ کپڑا۔ اناج خوراک وغیرہ کی خیرات سکھ اور سکون پیدا کرنے کا موجب بنتا ہے۔

آکاشی کونسل کا سنسار اور بھارت پر اثر

بکرمی سمت ۲۰۵۲ کی آکاشی کونسل کے دس ارکان میں سے چار عہدے سنیچر گرہوں کو اور چھ جابر گرہوں کے قبضہ میں آئے ہیں۔ راجہ اور اناج کا عہدہ ظالم مگر نامرد گرہ شنی کو۔ بیوپار کا عہدہ معتدل اور مہانہ رو گرہ شکر کو۔ خزانہ۔ زراعت اور معدنیات کا محکمہ ظالم گرہ سورج کو۔ رطوبات (رسوں) کا محکمہ منگل کو اور بارش۔ فوج اور پھلوں کا محکمہ برہسپتی کو حاصل ہوا ہے۔ اس عہدوں کی تقسیم کے نتیجے کے طور پر کچھ بڑے بڑے ممالک میں اقتدار کی جنگ۔ سیاسی بدحالی۔ اقتدار کی تبدیلی۔ عوامی مظاہرے۔ دنگے فساد۔ مذہبی ٹکراؤ اور دیہاتی رونما ہوں گے۔ عوام کا حکومت پر اعتماد ڈھیلا پڑے گا۔ مہنگائی

فلت۔ رشوت۔ آتش زنی۔ چوری۔ دھوکہ بازی اور لوٹ مار کی وارداتیں بہتات سے ہوں گی۔ وزیر شکر کی وجہ سے حکومت میں عورتوں کا غلبہ ہوگا۔ عیش و عشرت اور سجاوٹ کے سامان اکٹھے کرنے اور دکھاوا بیجا موج اڑاؤ کا رجحان عوام میں بڑھے گا۔ بے وقت کی بارش۔ حالات کے ناموافق بارش۔ ضرورت سے زیادہ بارش اور خشک سالی کی وجہ سے اناج کی کمی اور فصلوں کی تباہی کے یوگ ہیں۔ لوگوں میں طرح طرح کے مختلف قسم کے پوشیدہ اور پیچیدہ امراض پھیلیں گے۔

رس (رطوبات) کا مالک منگل ہونے کی وجہ سے اہل اقتدار وزراء اور عہدیداروں وغیرہ کا سلوک عوام کے ساتھ خشک اور بے اعتنائی والا ہو۔ لوگوں میں بے اطمینانی اور ناراضگی پھیلی رہے۔ دھن مال اور ترقی کے مواقع زیادہ تر خاص لوگوں کو ہی حاصل ہوں گے۔ عام لوگ ان سے محروم ہی رہیں گے۔ سنیچر کے راجہ ہونے کی وجہ سے حکومتی گروپ میں مکار۔ جھوٹے اور بد اخلاق لوگوں کا پلڑا بھاری ہوگا۔

گوچر گرہ اور دنیا کے حالات

سنہ ۱۹۹۵ کے شروع میں مکر سنکرانتی سنیچر وار کو ہے۔ گوچر گرہوں میں گورو اور شکر کا یوگ برشچک راشی میں اور سنیچر منگل کا سم سپتک یوگ چل رہا ہے۔ یہ ۸ فروری ۱۹۹۵ء تک رہے گا۔ چاند کے ماگھ ماہ میں پانچ منگلواروں کا ہونا ناموافق اور ناپسندیدہ واقعات اور حالات کی غمازی کرتا ہے۔ کہیں کہیں فوج کی دخل اندازی کی وجہ سے جنگ کے سماچار بھی ملیں گے۔ جان مال کا نقصان اور اتار کی مشرقی ممالک میں اور مغربی ممالک میں دھماکہ خیز حالات رونما ہونے کے یوگ ہیں۔ ۱۴ مارچ کو سورج اور سنیچر کی کمبھ راشی پر جزوی ملاپ اہم دیش کے کسی خاص سربراہ کے لئے خطرناک ہوگی۔ کہیں کہیں حکومتیں ٹوٹ جانے اور اقتدار میں انتقال کے یوگ بھی ہیں۔

۱۳ مارچ کو نئے سال کی پرویش کنڈلی میں بھی میکھ لگن کے کیتو اور اس پر پڑنے والی سال کے راجہ شنی کی نظر (نیچ درشٹی) بھی یہی اشارہ دیتی ہے کہ سال کے پہلے نصف حصہ میں سنسار کے بہت سے ترقی پذیر ممالک کے اندرونی ساماجک اور سیاسی حالات ملازم اور خطرہ والے ہوں گے۔ جنوب مشرقی ایشیا کے کچھ ممالک جنگ کے لئے اقدام کریں گے۔ مشرقی ممالک جیسے سری لنکا۔ مشرقی افریقہ۔ بنگلہ دیش۔ افغانستان۔ نیپال۔ مشرقی اور جنوبی بھارت کے کچھ صوبجات بھی متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکیں گے۔ کہیں اشیائے خوردنی کی قلت ہوگی اور کہیں فصلوں کی تباہی۔ وسط مشرق کے مسلم ممالک میں باہمی تنازعات بڑھیں گے اور ناپسندیدہ واقعات رونما ہوں گے۔

جگت لگن کنڈلی میں سورج کیتو کا ملاپ اور ۱۵ اپریل کو مشرقی بھارت میں متوقع چندر گرہن وشو کے مشرقی علاقوں کے لئے خطرناک نتائج کا پیش خیمہ ثابت ہو سکتا ہے۔ کہیں سیاسی دنگے۔ اقتدار میں انقلاب۔ زمین کا دھنسنا اور زلزلے تیز ہوائی حادثے ہونے کے آثار پائے جاتے ہیں۔ آگزنی اور متشدد واقعات رونما ہوں گے۔ ۲۴ اپریل کو میکھ راشی پر سورج کیتو کا جزوی ملاپ ۱۰ دیساکھ ماہ (اپریل مئی) میں پانچ ایت واروں کا آنا سنسار میں کہیں خطرناک تصادم افراتفری اور کہیں جنگ کی خبریں ملیں گی۔ رعایا میں بیماریوں تفکرات

اور خوف کا ماحول طاری رہے گا۔ کہیں کہیں موجودہ اقتدار کے گرنے اور حکومت کی تبدیلی کے بھی یوگ ہیں۔

۹ اپریل کو نیپچون مکر راشی میں وکری اور ۵ مئی سے یورینس مکر راشی میں وکری ہو گا۔ ۱۰ مئی سے یکم جون تک شنی منگل کے درمیان بھرسم سپتک یوگ ہو گا۔ یہ زیادہ بنگلہ دیش۔ انڈونیشیا۔ آسٹریلیا۔ بھارت روس۔ امریکہ۔ پاکستان۔ سری لنکا۔ چین۔ عرب دیش۔ افغانستان وغیرہ دیشوں کے اندرونی علاقوں کے لئے ناموافق حالات پیدا کرنے والے ہوں گے۔ یہ عرصہ پاکستان عراق سیریا۔ لیبیا وغیرہ مسلم ممالک کے لئے خاص طور پر برا ثابت ہو گا۔ ۶ جولائی سے سنیچر بھی مین راشی میں وکری ہو گا۔ ۱۰ جولائی سے ۷ اگست تک کنیا راشی میں پڑے منگل کے ساتھ سنیچر پھر سم سپتک یوگ کرے گا۔ پاکستان میں برسر اقتدار حکومت اور اپوزیشن کے درمیان ٹکراؤ اور تشدد آمیز واقعات اور خونریزی تک کی نوبت آسکتی ہے۔

مسلم دیشوں میں فوجی طاقتوں کا استعمال بڑھے گا۔ زلزلے۔ طوفان اور سیلاب وغیرہ آفات نازل ہوں گی۔ جس سے جان و مال کی بربادی ہو گی۔ عوام خوف زدہ ہو جائیں گے۔

۲۸ اگست سے ۱۱ اکتوبر تک منگل راہو کا یوگ جنوبی امریکہ۔ کشمیر (بھارت) پاکستان۔ بنگلہ دیش۔ چین۔ انڈونیشیا۔ سری لنکا۔ نامیبیا نائیجیریا۔ الجیریا۔ سومالیا۔ تنزانیہ وغیرہ افریقی دیشوں کے لئے خاص طور پر ناموافق اور مختلف تکلیفات کا موجب ہو گا۔ کہیں خوردنی اشیا کی کمی۔ کہیں خشک سالی۔ کہیں زیادہ بارش فصلوں کا نقصان اور جانی نقصان ہو گا۔ قحط کی سی حالت پیدا ہو گی۔

۱۷ اکتوبر سے ۱۵ نومبر تک تلا راشی میں سورج راہو کا یوگ دنیا کے کسی حصے کے نیتا کے لئے منحوس ہو گا۔ کہیں کہیں سرکاروں کے گرنے اور اقتدار چھن جانے کے بھی یوگ ہیں۔ ۱۶ نومبر سے ۲۲ نومبر تک برسچک راشی پر چار گرہوں کی اور پانچ گرہوں کی ملاپ اور ۲۲ نومبر سے ۲۵ فروری ۱۹۹۶ء تک کال سرپ یوگ بنے رہنا امن و سکون عالم کے لئے ایک سوالیہ نشان ہے۔ لیکن جگت لگن میں پڑے گرہوں کے مطابق دنیا میں کسی بڑی جنگ کا کوئی امکان نہیں ہے۔ گرہ یوگ کے مطابق مختلف اقوام کے درمیان سیاسی اور اقتصادی سمجھوتے ہوں گے اور باہمی تعلقات مضبوط ہی ہوں گے۔ بھارت کے علاوہ دنیا کے اور بھی مَیٹ وکاس شیل (ترقی پذیر) ممالک اقتصادی اور صنعتی نیا تیاگ پالیسی کو اپنائیں گے۔ وشو کے بہت سے دیشوں کے درمیان مالی۔ سیاسی۔ صنعتی۔ کاروباری اور ثقافتی تعلقات قائم اور مضبوط ہوں گے۔ بڑا تو ہتھیاروں اور دیگر اسلحہ کے پھیلاؤ اور پرچار کے خلاف براہ راست پابندیاں لگانے پر زور دیا جائے گا۔ لیکن گُپت چھپے طور پر اسلحہ اور پرمانو ہتھیاروں کی دوڑ جاری رہے گی۔

سنسار کے کچھ بڑے بڑے ملک

امریکہ اس کی پربھاو راشی متحفق ہے۔ جگت لگن اور برس پر ولیش دونوں کنڈلیوں میں اس کے راشی کے مالک بدھ کی اچھی ہونیں نیچ ہے۔ سومالیہ۔ بوسنیا۔ یوگنڈا۔ سیچی۔ کیوبا اور شمالی کوریا سے متعلق پالیسیوں اور فوجی دخل اندازی کی وجہ سے امریکہ سرکار کو

ترمیم پہنچے گی۔ بھارت کے ساتھ تعلقات میں سدھار ہو گا۔ جبکہ پاکستان کے ساتھ سمبندھ بگڑیں گے۔ امریکہ اتحادی کونسل کا استعمال ذاتی مفادات کے لئے کرے گا۔

پاکستان اس کی پربھاو راشی کنیا ہے۔ نئے برس کی پرولیش کنڈلی میں یہ راشی چھٹے گھر میں مقیم ہے۔ اور بدھ ۱۲ ویں خانہ میں نیچ راشی کا ہے۔ نتیجہ کے طور پر پاکستان میں سیاسی مُٹھ بھیڑ۔ اور مذہبی اور پارٹیوں کے دنگے فساد۔ خونریزی۔ دھماکوں اور متشدد واقعات میں اضافہ ہو گا۔ ۱۰ جولائی سے ۷ اگست تک اس کی راشی پر سنیچر منگل کا سم سپتک یوگ نیتا اور ۶ دسمبر سے کال سرپ یوگ نیتا پر انتہا گروپ کے لئے سنجیدہ خطروں اور چیلنجوں کا اشارہ کرتے ہیں۔ مذہبی دنگے سیاسی قتل اور بم دھماکے اور اپوزیشن پارٹیوں کے ٹکراؤ کے علاوہ آسمانی آفات کے نازل ہونے کے یوگ ہیں۔ بے نظیر سرکار کی پوزیشن غیر مستحکم اور ڈانواڈول بنی رہے گی۔ کشمیر سمسیا کو بین الاقوامی سطح پر سلجھانے کے پاکستان کے جتن اور جدوجہد ناکام رہیں گے۔ بھارت کا ہوّا دیکھ کر خطرناک ہتھیاروں کے جمع کرنے میں مصروف رہے گا۔

روس جگت لگن میں اس کی پربھاو راشی کنبھ کی پوزیشن ٹھیک اور اچھی ہے۔ نتیجہ کے طور پر سیاسی محاذ پر اہم تبدیلیوں کے بعد روس صنعتی اور انترکش کھوج کے میدان میں دوبارہ شاہراہ ترقی پر گامزن ہو گا۔ سیاسی اور جمہوری محاذوں پر اور سماجی بہبودی کے میدان میں اسے قابل فخر کامیابی حاصل ہو گی۔

بھارت ورش کا وارشک ورش پھل سمت ۲۰۵۲ بکرم

کُنڈلی سوتنتر بھارت ۱۵ اگست ۱۹۴۷ء

منگل ۳ — سورج، شکر، چندر، بدھ ۴ — راہو ۲ — ۱ — ۱۲ — ۵ — ۱۱ — ۶ — کیتو ۸ — ۱۰ — برہسپت ۷ — ۹

سوتنتر بھارت آزاد ۴۸ واں برس — ۱۵ اگست ۱۹۹۴ء سے ۱۴ اگست ۱۹۹۵ء تک۔ ورش اشٹ ۴۸/۲۲

منگل ۳ — سورج، بدھ ۴ — ۲ — منتھا، کیتو ۱ — ۱۲ — ۵ — سنیچر ۱۱ — شکر ۶ — چندر، پلوٹو ۸ — ۱۰ — برہسپت، راہو ۷ — یورینس، نیپچون ۹

گن تنتر دوس (۴۶) چھیالیسواں سال — ۲۶ جنوری ۱۹۹۵ء — اشٹ ۳۹/۵۰

راہو ۷ — شکر، چندر، برہسپت ۸ — ۶ — منگل ۵ — ۴ — نیپچون، منتھا ۹ — ۳ — سورج ۱۰ — بدھ، سنیچر ۱۱ — ۱۲ — کیتو ۱ — ۲

۱۵ اگست ۱۹۹۴ء کو سوتنتر بھارت ۴۸ ویں برس کی ورش کنڈلی میں برکھ لگن میں پرویشٹ (داخل ہوا) تھا۔ سوتنتر بھارت ۱۵ اگست ۱۹۴۷ء کے پہلے برس کی جنم کنڈلی میں بھی یہی لگن اُدت ہوا تھا (برآمد ہوا تھا)۔ اس پرکار سوتنتر بھارت کا پیش نظر ۴۸ واں برس دوی جنما لگن چل رہا ہے۔ ورش لگن پتی شکر ۵ ویں گھر میں اُچ راشی کا ہے۔ اور اس پر منگل کی اکیشٹ مترو درشٹی پڑ رہی ہے۔ بارہویں گھر میں منتھا کا کیتو کے ساتھ ہونا اور اس پر سنیچر کی اُچ (بیوط) نظر پڑنا سکہ کے پھیلاؤ پر قابو پانے میں کامیابی کا اشارہ دیتا ہے۔ منتھا اور منتھا پتی منگل پر گورو کا شبھ درشٹی (مبارک نظر) پڑنے سے بدیشی سکہ خزانہ میں تسلی بخش اور حوصلہ افزا اضافہ ہوگا۔

شبھ کاموں کے دیکھنے کے مہورت

دشا شول۔ سفر کو روانگی کے وقت اگر دشا شول ہو تو سفر نہ کریں۔ اگر ضرور ہی جانا ہو تو اتوار کو گھی۔ سوموار کو دودھ منگلوار کو گڑ۔ بدھ وار تل۔ ویروار کو دہی شکروار جو سنیچروار اڑد کھا کر جائیں

کال پاش۔ جس دشا میں کال کا نواس ہو اس سے مخالف دشا میں پاش رہتا ہے۔ رات کو کال کا نواس الٹا ہوتا ہے۔ کال کا دائیں اور پاش بائیں جانب ہوتا شبھ ہوتا ہے۔

یوگنی۔ اگر یوگنی کا نواس بائیں یا پچھلی طرف ہو تو شبھ۔ دائیں اور سامنے ناقص۔ اگر ضروری ہو تو مشرق کو گڑ۔ مغرب کو چھوارہ۔ شمال کو دہی اور جنوب کو دودھ پی کر سفر کریں

چندرماں۔ اگر جانے والی دشا میں چندرماں کا نواس سامنے یا داہنے ہو تو شبھ ہوتا ہے۔ اگر بائیں یا پیچھے ہو تو سفر نہ کریں۔ تفصیل دیا کے نقشہ میں دیکھیں:۔

نام سمت	مشرق	شمال مشرق	شمال	شمال مغرب	مغرب	جنوب مغرب	جنوب	جنوب مشرق
دشا شول	سوموار سنیچروار	سنیچروار بدھوار	منگلوار بدھوار	بدھ وار اتوار	شکروار۔ اتوار	ویروار شکروار	ویروار	ویروار سوموار
یوگنی	ایکم۔ نومی	اشٹمی اماوس	دوج۔ دسمی	ستمی۔ پورنماں	چھٹی چودش	چوتھ دوادشی	پنچمی ترودشی	تیج۔ ایکادشی
کال چکر	سنیچروار	-	اتوار	سوموار	منگلوار	بدھوار	ویروار	شکروار
پاش	منگلوار	بدھ وار	ویروار	شکروار	سنیچروار	-	اتوار	سوموار
چندرماں کا نواس	میکھ سنگھ دھن	-	کرک برسچک مین	-	متھن تلا کمبھ	-	برکھ کنیا۔ مکر	-

مہورت	شبھ تتھی	شبھ یوم	شبھ نچھتر	کیفیت
بچہ کا نام رکھنا	۲-۳-۵-۷-۱۰-۱۱-۱۳	سوموار۔ ویروار بدھ وار شکروار	اشونی۔ روہنی۔ مرگشر۔ پنرلس۔ پکھ۔ تینوں اترا۔ ہست چترا۔ سواتی۔ انورادھا۔ شروان۔ شت بھکا۔ ریوتی	لگن شبھ ہو۔ لگن سے ۱-۴-۵-۷-۹ویں۔ ۱۰ویں گھر میں شبھ گرہ۔ ۳-۶-۱۱ یا پاپ گرہ ہوں۔ ۸-۱۲واں شدھ ہو
منڈن کرنا	۲-۳-۵-۷-۱۰ اور ۱۱	سوموار۔ ویروار بدھ وار شکروار	اشونی۔ مرگشر۔ پنرلس۔ پکھ۔ ہست۔ چترا۔ سواتی۔ جیشٹا۔ شروان۔ دھنشٹا۔ شت بھکا۔ ریوتی	جنم یا گرہ سے ۳-۵-۷واں سال کنیا کیلئے ۲-۴-۶واں سال شبھ ہے جنم نچھتر اور جنم کا مہینہ نہ ہو
جنیو پہننا (زنار بندی)	۲-۳-۵-۶-۱۰-۱۱ اور ۱۲	اتوار سوموار بدھوار ویروار۔ شکروار	اشونی۔ مرگشر۔ روہنی۔ آردرا۔ پنرلس۔ پکھ۔ شلیکھا۔ مولا تینوں اترا ہست۔ چترا۔ سواتی۔ انورادھا۔ شروان۔ دھنشٹا۔ شت بھکا۔ ریوتی۔	برہمن کو ۵-۸-۱۶ برس۔ کھتری کو ۱۶-۱۰-۲۲۔ ویش کو ۸-۱۲-۲۲ برس میں چیت۔ بیساکھ۔ جیٹھ۔ ہاڑ۔ ماگھ۔ پھاگن مہینہ ہو۔ ۱-۴-۵-۸ میں پاپ گرہ نہ ہو
نئی تعلیم حاصل کرنا	۲-۳-۵-۶-۱۰-۱۱-۱۲	اتوار۔ ویروار۔ شکروار	اشونی۔ مرگشر۔ آردرا۔ پنرلس۔ پکھ۔ اشلیکھا۔ تینوں اترا۔ ہست۔ چترا۔ سواتی۔ مولا۔ شروان۔ دھنشٹا۔ شت بھکھا۔	سورج اترائن ہو۔ بیساکھ۔ جیٹھ۔ ماگھ۔ پھاگن کا مہینہ ہو۔ ۲-۳-۶...۹ لگن ہو۔ آٹھواں گھر شدھ ہونا چاہیئے۔
سگائی کرنا	۱-۲-۵-۹-۱۲-۱۴ اتہ ہو	اتوار۔ منگلوار یا سنیچروار نہ ہو	کرتکا۔ روہنی۔ مرگشر۔ مگھا۔ تینوں پوربا اور اترا۔ ہست۔	سواتی۔ انورادھا۔ مولا۔ ریوتی۔ چوتھے اور آٹھویں میں چندرماں نہ ہو۔

(باقی اگلے صفحہ پر)۔

مہورت	شبھ تھتی	شبھ یوم	شبھ نچھتر	کیفیت
نیا مکان بنانا	۲-۳-۵-۷-۱۰-۱۱-۱۲ اور ۱۳	منگلوار اور اتوار نہ ہو	روہنی - مرگشر - پنربس - ہست - چترا - سواتی - انورادھا - تینوں اترا - دھنشٹا - ہست - پکھ اور ریوتی -	بیساکھ - ساون - مگھر - ماگھ - پھاگن مہینہ ہو - بھادوں - کارتک ادھم ہیں - زمین سوئی نہ ہو - تیج پان نہ ہو - کیندر - ترکون شدھ ہوں -
نئے گھر میں داخلہ	۲-۳-۵-۶-۷-۸-۱۰-۱۱-۱۳ اور ۱۵	منگلوار اور ایت وار نہ ہو	روہنی - ریوتی - چترا - انورادھا - تینوں اترا - اور پرانے مکان کے لئے ہست - اشونی - پکھ - مولا - شروَن - دھنشٹا - ہست - پکھ -	بیساکھ - جیٹھ - ماگھ - پھاگن کا مہینہ ہو - سورج اترائن لگن ستھر ہو جنم لگن راشی سے ۸ واں ہو - سورج کے نچھتر ۵ خراب - ۸ عمدہ - ۷ خراب - ۶ عمدہ
زمین میں بیج بونا	۲-۳-۵-۷-۱۰-۱۱ اور ۱۳	ایت وار سنیچر وار منگلوار نہ ہو -	اشونی - روہنی - مرگشر - پنربس - پکھ - مگھا - تینوں اترا - ہست - چترا - سواتی - انورادھا - دھنشٹا - مولا اور ریوتی -	لگن ستھر ہو - چوتھے گھر میں شبھ گرہ یا اسکی درشٹی ہو - یا چوتھے گھر کا مالک اپنے گھر کو دیکھتا ہو -
مندر بنوانا	۲-۳-۵-۶-۷-۱۰-۱۱-۱۲-۱۳ اور ۱۵	منگلوار نہ ہونا چاہیئے	اشونی - مرگشر - پنربس - پکھ - چترا - سواتی - انورادھا - ابھجیت - شروَن - دھنشٹا - شت بھکھا اور ریوتی شبھ نچھتر ہیں -	پھاگن میں برہما - اسوج میں وشنو - بھادوں اسوج - پوہ چیت - دیوی کا جیٹھ بھادوں پھاگن سب دیوتاؤں کے لئے شبھ ہے -
سواری کرنا	۲-۳-۵-۷-۸-۱۲ اور ۱۳	منگلوار اور سنیچروار نہ ہو	بھرنی آردرا - اشلیکھا - مگھا - تینوں پوربا - مولا جیشٹا کو چھوڑ کر باقی نچھتر گھوڑ سواری یا کار وغیرہ سواری کے لئے شبھ ہیں -	اشونی - روہنی - مرگشر - پنربس - تینوں اترا ہست - چترا سواتی - ہاتھی یا دوسری سواری کے لئے شبھ ہیں -
دوائی کھانا	۴ - ۹ یا ۱۴ نہ ہو	منگلوار یا سنیچروار نہ ہو	شروَن - روہنی - مرگشر - پنربس - تینوں اترا پکھ - ہست - جیشٹا	شروَن - انورادھا ۸ - ۱۲ پاپی گرہ نہ ہو اور ترکون میں شبھ گرہ -
علاج کرنا	۴-۸-۹-۱۰ نہ ہو	اتوار - منگلوار - سنیچروار نہ ہو -	اشونی - پنربس - اترا پھالگنی - ہست - چترا - سواتی - انورادھا -	مولا - شروَن - دھنشٹا - ہست - پکھ - ریوتی چندرماں شبھ لگنیش اچھا ہو -
مقدمہ دائر کرنا	۴ - ۹ - ۱۴ ہو	منگلوار یا سنیچروار ہو	مگھا - مولا - ریوتی - جیشٹا - اشلیکھا اور آردرا شبھ ہیں -	گورو چندرماں لگن میں ہو دسویں شبھ اور چھٹے کروُر گرہ ہو -
کان بندھنا	۴ - ۹ اور ۱۴ نہ ہو	بدھ - ویروار - شکروار - سوموار	شروَن - دھنشٹا - پنربس - مرگشر - ریوتی - چترا انورادھا - ہست - اشونی اور پکھ -	سم برس اور جنم تارا کو چھوڑ کر جنم سے ۶ - ۷ - ۸ ویں مہینے میں یا ۱۲ ویں یا ۱۶ ویں دن -
بچہ کو باہر نکالنا	۲-۳-۵-۷-۱۰-۱۱-۱۳ -	سوموار - بدھوار ویروار - شکروار اور ایت وار	اشونی - مرگشر - پنربس - پکھ - ہست - انورادھا - شروَن - دھنشٹا - ریوتی -	لگن ستھر ہو - لگن سے ۱ - ۴ - ۵ - ۷ - ۹ ویں شبھ گرہ ہوں - ۸ واں اور ۱۲ واں شدھ ہو -

پامسٹری یعنی ہست ریکھا گیان

یوں تو جو ہونا ہے، ضرور ہونا ہے۔ انسان اس میں کچھ گھٹا بڑھا نہیں سکتا۔ مگر انسان یہ جاننے کی کوشش ضرور کرتا ہے کہ میری عمر کتنی اور کیسے بسر ہو گی۔ ہست ریکھا جاننے کے خواہش مند حضرات کے لیے ایک اچھی ہست ریکھا کتاب ہی سے کچھ ضروری باتیں نیچے لکھی جاتی ہیں۔ اُمید ہے کہ آپ حضرات کبھی کسی سے ضرور فائدہ اُٹھائیں گے۔ انسان کے جسم پر اور ہاتھ پر جو نشانات ہوتے ہیں ان ہی سے اچھا اور بُرا پھل جانا جاتا ہے۔ اس لیے مرد کے داہنے ہاتھ اور عورت کے بائیں ہاتھ کے نشانات کو زیادہ دیکھا جاتا ہے۔ منی بندھ سے آگے کا ہاتھ ہتھیلی کا جو حصّہ ہوتا ہے اس کے نام نشانات دیکھے جاتے ہیں۔ اس میں ہتھیلی اور انگوٹھے اور چاروں انگلیوں کا تو پیار کریں۔ انگلیوں کے نام یہ ہیں۔ ۱۔ ترجنی ۲۔ مدھیما ۳۔ انامکا ۴۔ کنشٹکا

ہاتھ سے پہچان : جس کا ہاتھ گرم سُرخ اور پسینہ آوے۔ انگلیوں کو ملانے سے سوراخ دکھائی نہ دیویں۔ چکنا موٹا درمیانہ خوب صورت۔ سُرخ ناخن لمبی لمبی انگلیوں والا ہاتھ اچھا کہا گیا ہے۔ جس کا ہاتھ بندر کی شکل لمبی لمبی انگلیوں والا ہو۔ وہ دولت مند ہو گا۔ سخت ہاتھ والا حکومت کرنے والا ہوتا ہے۔ نرم ہاتھ والا آرام طلب ہوتا ہے۔ ... ہاتھ والا چھان کرکے اپنی زندگی عمدہ بناتا ہے

ہاتھ تین قسم کے ہوتے ہیں۔ نوکیلا یعنی نوک والا انگلیوں والا ہاتھ اوّل درجے کا ہوتا ہے۔ چوکور یعنی انگلیاں چوکور ہوں، یہ دوسرے درجے کا ہاتھ ہے۔ پتلی پتلی انگلیوں والا گول ہاتھ تیسرے درجے کا ہوتا ہے

جس مرد کے ہاتھ کی پُشت پر بال نہ ہوں، کوئی نس اُبھری ہوئی نظر نہ آئے اور پُشت کی اونچائی زیادہ ہو وہ خوش نصیب ہوتا ہے۔ عورت کے ہاتھ کی پُشت پر بال ہوں اور نسیں بھی نظر آویں تو وہ عورت بدنصیب ہوتی ہے؛ بیوہ ہو۔ دُبلا کمزور چپٹا زیادہ بالوں والا ہاتھ غریبی کی نشانی ہے۔ جس مرد کے ہاتھ پر زیادہ بال ہوں وہ دھوکے باز ہوتا ہے۔ اگر بال بالکل نہ ہوں تو وہ بے وقوف، ڈرپوک ہوتا ہے۔ عورت کی پُشت پر بالوں کا ہونا بے رحمی ظاہر کرتا ہے۔ انگوٹھے پر بالوں کا ہونا عقل مندی کی نشانی ہے۔

ہر آدمی کے ہاتھ میں چار لکیروں کا ہونا بہت ضروری ہے، جو پردھان پھل کھوگتی کہی گئی ہیں۔ کنشٹکا انگلی کے نیچے سے جو لائن نکلتی ہے اُسے عمر کی لائن کہتے ہیں۔ جو لکیر انگوٹھے اور ترجنی اُنگلی کی طرف سے نکلے، ہتھیلی کے بیچ بیچ ہوتی ہوئی نیچے پہنچے کی طرف جائے یہ پتا کی ریکھا ہوتی ہے۔ تیسری ریکھا پتی کی ریکھا ہوتی ہے جو بازو سے انگوٹھے کی طرف ہتھیلی میں ہوتی ہوئی منی بندھ سے آگے آوے وہ ماتا ریکھا کہلاوے اور چوتھی ریکھا منی بندھ کے پاس ہوکے اس کے نزدیک بائیں طرف جاوے۔ وہ اردھ ریکھا بھاگ ریکھا ہوتی ہے۔ ان چاروں ریکھاؤں کے اُردو نام یہ ہیں (۱) عمر ریکھا (۲) قسمت ریکھا (۳) دھن ریکھا (۴) علم ریکھا

آیو یعنی عُمر دیکھنا

● عُمر کی اوسط مختلف حصّوں میں تقسیم کی گئی ہے۔ عمر کا کوئی حصّہ تقسیم کرنے کے لیے آپ دھاگے کو لے کر اُس سے آیو ریکھا کو ناپ لیں اور برابر برابر کے بیس حصّوں میں بانٹ لیں۔ اِس طرح جو حصّے بنیں گے اُن میں سے ہر حصّہ پانچ سال ظاہر کرے گا۔ یہ خط اگر درمیان تک پایا جاوے تو ۵۰ سال تک۔ اگر اس کے تین حصّے مکمل

ہو جاتی ہیں تو ۵۰ برس کی اوسط عمر ہوتی ہے۔ یہ خط چوتھائی کے نصف یعنی آٹھویں حصے میں کٹ جاوے تو ۹۲ سال کا اندازہ لگا لیں۔ جس انسان کی دونوں ہاتھوں کی ریکھائیں شکستہ حالت میں نہ ہوں تو اس کی عمر سو سال کے قریب ہوتی ہے۔ اگر ریکھا چھوٹی ہو تو عمر کم ہوتی ہے۔ اگر کسی شخص کے ایک ہاتھ کی ریکھا مکمل اور دوسرے ہاتھ کی ٹوٹی پھوٹی ہو تو اُسے مصیبتوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ جس جگہ ریکھا ٹوٹی ہوئی ہو وہاں وہ آدمی بہت بیمار ہوگا اور اس کی زندگی ختم ہونے کا ڈر رہے گا۔

قسمت کی ریکھا

اس خط کو تقدیر اور بھاگیہ ریکھا بھی کہتے ہیں۔ یہ خط وہ ہے جو کلائی سے شروع ہو اور ہتھیلی کے درمیان سے دو حصے کرتا ہوا سیدھا دوسری انگلی کی جڑ تک جائے تو ایسے خط والا مالک بہت خوش نصیب ہوتا ہے۔

بھائی بہن کی ریکھا

منی بندھ مول پتا کی ریکھا ہے۔ یہ انگوٹھے کے نیچے کے حصے میں جتنی آڑی ریکھائیں ہوں اتنے ہی بھائی بہن ہوتے ہیں۔ جتنی ریکھائیں مکمل ہوں اتنے ہی زندہ ہوتے ہیں، جتنی ٹوٹی ہوئی ہوں وہ زندہ نہیں رہتے۔

ماتری ریکھا

آیو ریکھا کے نیچے جو ریکھا پائی جاتی ہے اس کو ماتری ریکھا کہتے ہیں۔ اس کے نیچے پتری ریکھا ہوتی ہے۔ اگر ماتری ریکھا گہری اور صاف، دراز ہو تو ماتا کا سکھ ہوتا ہے۔ اگر پتری ریکھا گہری اور صاف ہو تو پتا کا سکھ ہوتا ہے۔ اگر یہ ریکھا صاف دکھائی نہ دے، کٹی ہوئی ہو تو ماتا پتا کے لیے خطرناک ہوتی ہے۔

دھن کی ریکھا

آیو ریکھا و شسم ریکھا کے بیچ میں جو چوکڑی دار آکار ہوتا ہے، جتنی چوکڑی ہوں اتنا ہی دھن ہوتا ہے۔ ایک چوکڑی والا معمولی دھنی ہوتا ہے اور ریکھا سے دولت کا ہونا نہ ہونا دیکھا جاتا ہے۔

شادی کی ریکھا

یہ ریکھا چوتھی انگلی کے پہلو میں نیچے کی طرف ہتھیلی کے کنارے پر ہوتی ہے۔ جتنی ریکھائیں ہوں اتنی ہی شادیاں ہوتی ہیں۔ جتنی ریکھائیں ٹوٹ گئی ہوں وہ شادیاں نہیں ہوتیں بلکہ سگائی ہو کر ٹوٹ جاتی ہے۔ اگر ریکھا موٹی ہو تو مرد کو عورت کا سکھ ہرگز نہیں ملتا کیونکہ وہ عیاش ہوتا ہے۔

علم کی ریکھا

یہ ریکھا تیسری انگلی کی جڑ کے پاس ہوتی ہے۔ اس کو سورج ریکھا بھی کہتے ہیں۔ یہ جس قدر باریک، صاف اور مکمل ہوتی ہے وہ شخص اتنا ہی فاضل ہوتا ہے۔ اگر یہ ریکھا کمزور اور ٹوٹی ہوئی ہو تو وہ شخص کم علم ہو اور اگر ریکھا نہ ہو تو وہ شخص ان پڑھ ہوتا ہے۔

گرہ وچار

ہاتھ کے اندر سات گرہ ہوتے ہیں۔ ۱ سورج ۲ چاند ۳ منگل ۴ بدھ ۵ برہسپت ۶ شکر ۷ سنیچر کے مقام ہیں، جن میں کچھ گرہوں کے تو ایک ہی مقام معلوم ہیں مگر منگل کے دو مقام ہیں۔

شکری برج

یہ برج محبت کا نشان مانا گیا ہے۔ اس سے محبت و عشق ظاہر ہوتا ہے۔ اس کا نشان انگوٹھے سے لے کر کلائی تک ہے۔ عورت کے سکھ، سواری اور زیورات کے بارے میں یہ پتا دیتا ہے۔

برہسپت

اس کے دیکھنے سے عزت، حوصلہ، یادداشت، دھرم، مہاتماؤں کے بڑا ہونے، علم اور گیان کے بارے میں پتا چلتا ہے۔ اس کو دیکھنے سے دکھ درد، آزادی، ناکامی کا پتا چلتا ہے۔ جس شخص کے ہاتھ کا نشان معتدل ہوتا ہے وہ شخص بہت جلد کامیابی اور ترقی حاصل کر لیتا ہے۔

سنیچر

اس کو دیکھنے سے دکھ درد آزادی ناکامی کا پتا چلتا ہے۔ جس کے ہاتھ کا نشان معتدل ہوتا ہے وہ بہت جلد کامیابی حاصل کر لیتا ہے۔

سورج

انامکا انگلی کی جڑ میں سورج کا نشان ہوتا ہے۔ اس کی وجہ سے یہ باتیں پائی جاتی ہیں — دولت، عزت، طاقت، والدین کا سکھ، شاعری، آرٹ اور ترقی کی خواہش وغیرہ۔

چاند : کلائی کے پاس نشان ہوتا ہے۔ اس سے ماں کا سکھ، عورت کا سکھ، دولت اور راج وغیرہ کی خوشی معلوم ہوتی ہے۔

منگل : اس کے دو مقام ہیں جن سے طاقت، پیٹ کے روگ، خون کی خرابی، تندرستی، ماتا کا سکھ نہیں، زندگی کے خطرے پتا ہے۔

ہاتھ میں نشانات کا پھل : اگر آٹھ کونہ نشان ہو تو راج ملے۔ اگر چھ کونہ ہو تو وزارت ملے۔ دھنک ہو تو باعزت عیاش ہوتا ہے۔ بیلے کا نشان ہو تو سکھ سے زندگی گزرے۔ اگر دو پنکھ ہوں تو نوکری کرتا ہے۔ سانپ کا نشان ہو تو زندگی تکلیف سے گزرے۔ • چرخے کا نشان ہو تو چور اور دھوکے باز ہوتا ہے۔ تلوار کا نشان ہو تو بہادر سپاہی ہوتا ہے۔ گاؤں کا نشان ہو تو جاگیردار اور رئیس زادہ ہوتا ہے۔ • اوکھلی کا نشان ہو تو فاقہ مست ہوتا ہے۔

علمِ ہندسہ اور آپ کی قسمت!

آج کل غیر ممالک اور بھارت میں بھی علم ہندسہ کی مقبولیت بہت بڑھ رہی ہے اگرچہ بھارت میں پرانے عالم فاضلوں کو اس علم کی اچھی جانکاری تھی مگر پہلے یہ علم ہندی اور سنسکرت کے ہندسوں پر منحصر ہونے کی وجہ سے اتنا مقبول نہ ہو سکا۔ ان ہندسوں کی بنا پر آدمی کی اندرونی اور باہر خصوصیات بتائی جا سکتی ہے مگر ہمارے خیال میں علم جیوتش میں جنم پتری کی طرح آنے والے واقعات ٹھیک سے نہیں بتائے جا سکتے۔ یہاں پر انگریزی مہینوں کی جنم تاریخ کے حساب سے ایک سے نو تک مول ہندسوں کی کلپنا کی گئی ہے اور سورج وغیرہ نو گرہوں کو ان مول اکھروں کا نمائندہ مانا گیا ہے۔ ۹ کے بعد کی تاریخوں کو مول انک (ہندسہ) بنانے کا طریقہ اس طرح ہے۔

۱۳ = ۱+۳ = ۴
۲۵ = ۲+۵ = ۷
۲۸ = ۲+۷ = ۱

۱۰ = ۱ + ۰ = ۱
۱۱ = ۱ + ۱ = ۲
۱۲ = ۱ + ۲ = ۳

مول انک والے شخص

۱۔ ہندسہ والے شخص پکے ارادے، آزاد خیال اور اپنے اصول اور دقار پر قائم رہنے والے ہوتے ہیں۔ اپنے حق کو حاصل کرنے کی خواہش ہوتی ہے کسی دوسرے شخص کی سختی برداشت نہیں کر سکتے۔ انک ۱۔ والوں کو اتوار اور سوموار مبارک دن ہوتے ہیں۔ پیلا اور سنہری رنگ خاص طور پر مفید رہتے ہیں۔ زندگی کے ۱۳۔ ۱۹۔ ۲۲۔ ۲۸۔ ۳۱۔ ۴۹۔ ۵۸ ویں سال خاص اہمیت والے ہوتے ہیں ان اشخاص کو آنکھوں، گلے، خون اور ریت وغیرہ امراض کا ڈر رہتا ہے۔

مول انک دوئم کا پھل

اس انک کا مالک چندرماں ہے۔ اس انک والے شخص یکم انک والے آدمیوں کی نسبت شانت فطرت والے ہوتے ہیں۔ خیالوں میں کھوئے رہنا ادب سے لگاؤ۔ آرٹ اور خوب صورتی کو چاہنے والے اور لکھنے پڑھنے کے کاموں میں دلچسپی رکھنے والے ہوتے ہیں۔ سوموار اور شکروار ان کے لئے خاص مفید ہوں گے۔ سفید رنگ ٹھیک رہے گا۔ زندگی کے ۲۵۔ ۳۱۔ ۳۴۔ ۴۷ اور ۴۳ سال میں خاص واقعات پیش آئیں گے۔

مول انک سوئم کا پھل

قانون اور قاعدے کے پکے، اعلےٰ تعلیم محنتی اور رہنمائی کرنے میں ہوشیار ہوتے ہیں اس انک کا مالک برہسپت ہے ان کے لئے منگلوار، ویروار اور پیلا رنگ اچھا ہے۔ زندگی کے ۹، ۱۲۔ ۳۰۔ ۳۸ اور ۴۵ ویں سال خوش نصیبی والے ہوتے ہیں۔

مول انک چہارم کا پھل

اس کا ستارہ منگل ہے۔ اس انک والے شخص نئی نئی چیزوں کے موجد ہوشیار، محنتی، بلند خیالات، تیز سبھاؤ اور زندگی میں جدوجہد کرنے والے ہوتے ہیں دولت زیادہ جمع نہیں کر پاتے۔ ۴۔ ۱۳۔ ۲۲۔ ۴۰۔ ۵۸ اور ۵۹ ویں سال بھاگیہ میں ترقی کرنے والے ہوں گے۔ سنیچر، اتوار اور سوموار شبھ دن ہیں نیلم پتھر خاص مفید رہے گا۔

مول انک پنجم کا پھل

اس کا مالک بدھ ہے اس انک والے شخص پھرتی سے کام کرنے والے جلدباز بیوپار اور اپنے کام میں ترقی کرنے والے اور چنچل من کے ہوتے ہیں۔ ہر طرح کے ماحول میں ڈھل جاتے ہیں اہم سال ۱۵۔ ۲۵۔ ۳۴۔ ۴۱۔ ۵۱۔ ۵۷ ویں ہوتے ہیں بدھوار اور شکروار کا دن اور سفید ہرا رنگ خاص طور سے مفید رہتا ہے پنا پتھر دھارن کرنے سے لابھ ہوگا۔

مول انک ششم کا پھل

اس انک والے شخص سنگیت، فوٹوگرافی، مصوری اور خوب صورتی کو چاہنے والے آدرش وادی اور خیالات میں گم رہتے ہیں۔ کسی دوسرے کے ماتحت رہنا پسند نہیں کرتے۔ منگل۔ جمعرات اور جمعہ کے دن اور نیلا گلابی رنگ شبھ ہے۔ اپنی قابلیت سے پیسہ کمانا جانتے ہیں۔ زندگی کے ۱۵۔ ۲۴۔ ۳۳۔ ۴۲ اور ۵۱ ویں سال قسمت کو بدلنے والے ہوتے ہیں۔

مول انک کا پھل

اس انک والے شخص کے نمایاں گرہ چندرماں اور نیپچون ہیں۔ ایسے بھاگ ردّوبدل کرنے کے شوقین نئی نئی جگہوں پر گھومنا پسند کرتے ہیں، تنتر اور جادو ودیا، آزاد خیالات، وقار والے اور خوب صورتی کو جاننے والے ہوتے ہیں عام طور سے مالی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے سوم وار۔ اتوار کے دن اور ہرا رنگ شبھ ہے۔ ۱۶۔ ۲۶۔ ۳۴۔ ۴۲۔ ۵۱ اور ۶۱ ویں سال بھاگیہ میں تبدیلی والے ہوتے ہیں۔

مول انک ہفتم کا پھل

اس انک والے شخص کا نمایاں گرہ شنی ہے۔ ایسے اشخاص اپنے میں مگن رہنے والے بڑے محنتی اور پکے ارادے والے ہوتے ہیں اپنے مقصد کو پورا کرنے کے لئے ہر ممکن ذریعہ (واجب اور ناواجب) کا خیال کئے بنا اپناتے ہیں۔ جدوجہد پسند، دور اندیش اور گہرے علم والے ہوتے ہیں۔ گیس کے روگ سے پریشان ہوں۔ سوم وار، سنیچروار اور گہرا نیلا رنگ پر خاص طور سے متفق رہتے ہیں زندگی کا ۲۶۔ ۳۳۔ ۳۵۔ ۴۴ اور ۵۳ ویں سال بھاگیہ میں ترقی اور خوشحالی کے ضامن ہوں گے۔

مول انک نہم کا پھل

اس انک والے شخص کا نمایاں گرہ منگل ہے۔ یہ شخص صاف گو، خوددار بڑے محنتی تیز مزاج مگر رحمدل ہوتے ہیں۔ تمام زندگی جدوجہد میں گذرتی ہے۔ خون میں خرابی کا اندیشہ رہتا ہے۔ شکروار، منگلوار اور ویروار کے دن مبارک اور لال و گلابی رنگ خاص طور سے موافق ہوتے ہیں۔ گوڑ و تانترک ودیا میں خاص دلچسپی ہوگی۔ زندگی کے ۱۸۔ ۲۷۔ ۳۱۔ ۳۶۔ ۴۵۔ ۵۴ اور ۶۳ ویں سال خاص طور پر بھاگیہ میں ترقی لانے والے ہوتے ہیں۔

شبھ چنتک:۔ پنڈت پنالال جیوتشی۔ اڈہ ہوشیارپور۔ جالندھر

مُفید اور کار آمد جنتر و منتر

سنتان کیلئے جنتر

۴۳	۴	۲	۸
۷	۳۰	۳۷	۷
۳	۳۴	۹	۱
۴	۶	۲۵	۳۵

اس جنتر کو شکروار کے دن سے گیہوں کی روٹی پر لکھکر وہ روٹی کالے کتے کو کھلا دیں مالک چاہے گا تو آپ کی مُراد بہت جلدی پوری ہو جائے گی۔ لیکن جب تک اولاد پیدا نہ ہو جائے یہ عمل بلا ناغہ روزانہ کرتے رہیں۔

کارج سدھ جنتر

۵	۱۲	۲	۷
۶	۳	۱۱	۱۱
۱۴	۹	۹	۱
۴	۵	۱۰	۱۳

اتوار کے دن ہلدی کے رس سے اس جنتر کو کاغذ پر لکھکر بتی بنائیں۔ شام کو دیئے میں سرسوں کا تیل ڈال اسکو جلائیں اسی طرح سات اتوار کو کریں سبھی قسم کے دکھ دُور ہوں اور کارج سدھ ہو۔

ایک اور کارج سدھ جنتر

۸	۱۵	۲	۷
۶	۳	۱۲	۱۳
۱۴	۹	۸	۱
۴	۵	۱۰	۱۳

ہلدی سے کاغذ پر لکھکر جنتر کے نیچے اپنا مقصد لکھیں پھر فلیتہ کرکے ویروار کو دیئے میں جلا دیں سات ویرواروں کو ایسا کریں سب کارج سدھ ہونگے۔ ۱۱ دن ہلدی کی مالا سے "اوم ہرہیں ہراں ..." جاپ کریں۔

پردیسی کی واپسی کا جنتر

۳۵	۸	۱۵	۱
۴	۵۲	۵	۱۳
۹	۱۳	۶۴	۳
۷۲	۶۵	۷۲	۶

یہ جنتر کیسر سے بھوج پتر پر باندھیں روزانہ سات چرخا اٹھا گھمائیں تو غیر ملک گیا جلدی لوٹ آئے گا۔

خاوند بس میں کرنے کا جنتر۔ اتوار کو کچھ لکھ... گیہوں کی ... روٹی ...

۶۳	۴۷	۲	۸
۸	۳	۶۹	۳۷
۳۹	۳۴	۹	۱
۴	۶	۳۵	۳۸

اس جنتر کو پیار سے اس روٹی پر لکھکر خاوند کو کھلا دیں وہ بس میں ہو جائیگا

بیماری دُور کرنیکا جنتر

۷	۲	۷۷	۷۰
۷	۷۴	۳	۶
۱	۸	۷۱	۷۶
۱۵	۷۲	۵	۴

اس جنتر کو بھوج پتر پر کیسر سے لکھکر گوگل کی دھونی دے کر مریض کے گلے میں باندھ دینے سے لاعلاج مرض بھی جلد دُور ہو جاتے ہیں۔ یہ آزمودہ جنتر ہے۔

بواسیر دُور کرنے کا جنتر

۹	۳	۸	۱۳
۶۵	۴	۱۰	۷۷
۷	۶	۱۵	۸۰
۱۲	۸۲	۱۱	۱۴

اتوار یا پوشیہ نکشتر میں لیموں کے رس سے اس جنتر کو لکھکر گلے میں باندھیں، بواسیر دُور ہو جائے گی۔

عورت کو بس میں کرنیکا جنتر

"اوم کشو ہرہن ہر دل آں ہراں سواہا"۔ یہ منتر ایک ہفتے تک بلا ناغہ سرخ کپڑے اور کنگم کی مالا پہن کر عام عورت تو کیا سورگ کی اپسرا بھی بس میں ہو کر کھنچتی چلی آئے گی۔

ایک اور سنتان داتا جنتر

درگا گنیش مہیش

اوم
انگ اے

نندی تم کاریہ کرو

جس استری کو اٹھراہ روگ ہو یا جس کے سنتان نہ ہوتی ہو اس کے واسطے یہ جنتر بڑا مفید ثابت ہوگا۔ روہنی نکشتر کے دن پُتروتی استری کے دُودھ میں کیسر اور چندن ملا کر انار کی قلم سے سفید کاغذ پر ایسے آٹھ جنتر لکھیں۔ ایک جنتر تانبے میں مڑھوا کر استری کے گلے میں باندھدیں اور باقی سات جنتر بدمنگلوار کو ایک جنتر جل میں دھو کر پلائیں۔ کارج سدھ ہوگا۔

گائے بھینس وغیرہ کا دودھ بڑھانے کا جنتر

"اوم نمو بھگوتی پرسو اوم شتیلم"۔ مذکورہ منتر ۱۰۸ بار پڑھکر مویشیوں کو چارہ کھلانے سے دودھ میں اضافہ ہو جاتا ہے۔

بس میں کرنے کا جنتر

[illegible]

اس منتر کو ۱۸ بار پڑھکر بھوج پتر پر انار کی ...

قلم سے اشٹ گندھ سے لکھکر دائیں بازو میں باندھ لینے سے جس کسی کے بھی سامنے جائیں گے وہ بس میں ہو جائے گا۔ اس منتر کا ایک لاکھ بار پاٹھ کرنے سے سدھ ہو جاتا ہے۔

سنتان حاصل کرنے کیلئے منتر

"دیوکی ست گووند واسو دیو جگت پتے دیہی مے تنیم کرشن توام ہم شرنم گتے"۔

جس جوڑے کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو انھیں اس منتر کا ایک لاکھ بار جاپ کرنا چاہیئے۔ کم از کم ایک مالا روزانہ کریں۔ زمین پر سوئیں۔ جھوٹ شراب، اچھل، کپٹ سے بچیں۔ سادہ بھوجن کریں۔ بال نہ کٹوائیں ایک لاکھ جاپ ہونے پر دشمانش جاپ کا ہون، تل، شہد وغیرہ سے کرکے برہمنوں کو بھوجن کرا دیں۔

شری بگلا مکھی منتر

جب دشمن آپ کو انتہائی بے انصافی کے ساتھ تنگ کرتا ہے۔ مقدمات جھگڑے وغیرہ میں آپ خود کو بے سہارا محسوس کرتے ہوں تو حسب ذیل منتر کا پاٹھ پیلے کپڑے پہنکر کرنا چاہیئے۔ ایکانت گھر میں بگلا مکھی دیوی کی تصویر پر پیلے پھول چڑھا کر دھوپ دیپ وغیرہ جلا دیں روزانہ گیارہ مالا کرتے ہوئے ۲۱ دن تک جاپ کرنے سے مطلوبہ سدھی ہو جاتی ہے منتر اس طرح ہے: "اوم ہیں۔ بگلا مکھی سرو دُشٹا نام واچم مکھم پدم ستمبھے جہواں کیلے کیلے بدھی ناشے ہیں اوم سواہا۔"

دھن دولت حاصل کرنے کیلئے منتر

"اوم ہیں کلیں شری نمہ:"

تنہائی میں بیٹھکر اس منتر کو ۲۱ ہزار بار پڑھیں ۲۱ بار دودھ چاول کی کھیر کا ہون کریں جب تک کارج سدھی نہ ہو جائے۔ زمین پر سوئیں۔ دودھ سے بنی چیزوں کا استعمال کریں۔ اناج نہ کھائیں۔ ضروری سدھی ہوگی۔

بچوں کے سب روگ دُور کرنیکا جنتر

۳۳	۳۲	۲۷
۳۷	۴۶	۶۷
۳۳	۶۶	۳۷

اس جنتر کو بھوج پتر پر لکھکر اور اس بھوج پتر کو تانبے کے تعویذ میں رکھکر متاثرہ بچے کے گلے میں باندھ دیں۔ ہر طرح کی مشکل رفع ہو گی اور بیماری دُور بھاگے گی۔

شری مہا مرتیونجے منتر

اکال مرتیو کو ہرانے والا اور سب طرح کے دکھوں سے نجات دلانے والا یہ اموگھ سدھ منتر ہے اس کا سوا لاکھ بار جاپ کرنے سے ہر طرح کے دکھوں کا ناش ہو کر اکال مرتیو کا خوف جاتا رہتا ہے۔ اوم ہوں اوم جوں سہ بھور بھوو سوہ۔ تریمبکم یجامہے سُگندھم پشٹی وردھنم اُروا رُکمیو بندھنان مرتیور مُکشیہ ماامرتات بھور بھوو سوہ سہ جوں ہوں اوم۔

بالک کو ڈر سے نجات دلانے کا جنتر

۴	۲۲	۱۰	۶
۶	۱۰	۶	۴
۱۰	۶	۴	۱۲
۱۲	۴	۱۲	۱۰

اماوس کی رات کو جنتر کیسر کی سیاہی سے انار کی قلم سے لکھکر جس بالک کے گلے میں باندھ دیا جائے گا۔ اسے ڈر خوف سے ہمیشہ کے لئے نجات مل جائے گا۔

نظر روگ دُور کرنے کا جنتر

۴	۲	۶	۸
۲	۴	۸	۶
۶	۸	۴	۲
۸	۶	۲	۴

اس جنتر کو لال چندن سے بھوج پتر پر لکھکر دھوپ دیں۔ پھر تانبے کی تعویذ میں مڑھکر بالک کے گلے میں باندھیں تو نظر لگنے کا دکھ دُور ہو جائے گا، اور کبھی نظر نہیں لگے گی۔

بھوت بھگانیکا اچوک جنتر

۵۵	۶۳	۲	۸
۷	۳	۵۹	۵۸
۶۱	۵۶	۹	۱
۳	۶	۵۷	۶۰

اس جنتر کو بھوج پتر پر کیسر سے لکھا جس کسی کے بھی گلے میں ڈال دیں وہ شخص بھوت چڑیل وغیرہ کسی بھی آسیب یا آسیبی روح سے محفوظ رہے گا اور اس طرح بھوت پریت اس پر کوئی اثر نہ کر سکیں گے۔

فالنامہ

حاملہ عورت کے لڑکا ہوگا یا لڑکی؟

۱ شمس
۲ قمر
۳ مریخ
۴ عطارد
۵ مریخ
۶ زہرہ
۷ زحل

ناظرین! غیب کی خبر تو خدا کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ جو اس بات کا دعویٰ کرے مناسب نہیں۔ مگر دلی اطمینان کے لئے یہ طریقہ چلا آرہا ہے اور اکثر صحیح ثابت ہوا ہے۔ اسلئے یہاں درج کیا جاتا ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ اوپر سات چاند بنے ہوئے ہیں اور ہر ایک میں سیارہ کا نام درج ہے جب آپ فال دیکھنا چاہیں تو پہلے قل ہو اللہ شریف پڑھکر اللہ سے دعا مانگیں اور اپنے کلمہ کی انگلی کسی ایک چاند پر رکھیں۔ اگر حاملہ خود اس عمل کو کرے یعنی انگلی رکھے تو بہتر ہے جس ستارہ پر انگلی رکھی جائے گی اس کا نمبر دیکھ کر نیچے لکھا ہوا حال وہ خود دیکھ لیں یا بتا دیں۔

نمبر شمار	نام سیارہ	مختصر کیفیت حال
۱	شمس	مبارک ہو۔ انشاء اللہ لڑکا پیدا ہوگا
۲	قمر	خدا چاہے تو لڑکی ہونے کی امید ہے
۳	مریخ	اللہ کے فضل سے لڑکا ہوگا مگر غصہ در ہوگا
۴	عطارد	انشاء اللہ خوش نصیب لڑکی ہوگی
۵	مشتری	لڑکی ہوگی۔ انشاء اللہ
۶	زہرہ	یہ حمل لڑکی کا ہے
۷	زحل	حمل خالی جانے کا اندیشہ ہے دعا دیں بہتری ہوگی

مختلف گرہوں کا انسانی شخصیت پر اثر

۱- انسان پر برہسپت کا اثر - برہسپت گرہ کے زیر اثر میں ہونے والا انسان کا متھا چوڑا ہے کے ماتھے کی طرح تنگ اور دمہ کی بیماری والا یا جسم کا کوئی حصہ کٹا ہوا۔ اس کی بول چال بیٹھنا وغیرہ گورو کی طرح ہوتا ہے۔ گمبھیر اور ہر بات کو برداشت کرنے والا ہوتا ہے۔ ہاتھ تر مبتی انگلی خراب یا کٹی ہوئی۔ میل ملاپ اور ہر ایک سے پیار کرنے والا ہوتا ہے اور جانوروں کو نہ مارنے والا۔ اپنی بات پر مٹنے اور جو قسمت میں لکھا ہوگا دیکھا جائیگا اور اپنے دیئے ہوئے وطن اور ارادے کا پکا ہوگا۔ اس طرح کے انسان سے کسی کو کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔ عادت سے بے فکر اور اُس کی حالت مدھم رہے گی۔

۲ — انسان پر سورج کا اثر - سورج گرہ کے پربھاؤ والا آدمی نہ جسم کا کوئی حصہ کٹا یا نہ ہوگا۔ اس کا رنگ گندمی آنکھ شیر کی طرح تیز مگر ڈراؤنی نہ ہوگی۔ قد لمبا جسم تیلا۔ ہر طرح کی مشکلوں یعنی مصیبتوں سے لڑنے والا اور مضبوط لمبا چہرہ ماتھا چوڑا والا۔ چال میں دایاں حصہ پہلے چلانے والا۔ شکل و صورت سے بھولا بھالا۔ مگر اندر سے آگ کی طرح گرم۔ چال چلن (کام دیو) کا پکا۔ آدمی محنتی اور پکا ارادہ والا جس بات کو ٹھان لے اُس سے کبھی پیچھے نہ ہٹے گا۔

۳ — انسان پر چندرماں کا اثر - چندر گرہ کے زیر اثر والا آدمی سفید رنگ (دودھ) کی جھلک والا۔ دہی کے جیسے رنگ والی سفیدی نہیں۔ ٹھنڈا سوبھاؤ۔ چوڑا چہرہ (چوکور) دوسرے کی ہاں میں ہاں ملا کر پھر دوسرے کو نرم جواب دیکر اس کے دل کو اپنا بنانیوالا۔ پوشاک (پہننے کے کپڑے) اچھے کپڑے دھارن کرنیوالا۔ جسم کا نیچے کا حصہ نابھی سے نیچے پاؤں کی طرف دودھ والے مویشی پالنے کا شوقین اور دودھ والے مویشیوں سے لابھ اُٹھانے والا۔ ایسے آدمی چاندی۔ چاول۔ پانی برف کے بیوپار میں نفع کماتے ہیں۔

۴ — انسان پر شکر گرہ کا اثر - شکر گرہ کا پربھاؤ والا آدمی میں سفید دہی رنگ سفید کی جھلک دودھ کے سفید رنگ کا نہیں۔ چہرا گول۔ موٹیلا۔ خوبصورت آنکھیں بیل کی طرح۔ مست اور عاشق مزاج ہونٹ اونچے گول مست طبیعت کوئی روئے۔ کوئی ہنسے مگر وہ اپنے آپ میں خوش اور ہر وقت اپنے آپ کو استریوں کی طرح سجنے سنورنے کا شوقین۔ خوبصورتی پر مٹ جانے والا ہوتا ہے۔

۵ — انسان پر منگل گرہ کا اثر - منگل گرہ کا پربھاؤ والا آدمی میں سفید دہی رنگ سفید کی جھلک دودھ کے سفید کا نہیں۔ چہرا گول موٹیلا خوبصورت آنکھیں بیل کی طرح مست اور عاشق مزاج۔ ہونٹ اُونچے۔ مست طبیعت کوئی روئے کوئی ہنسے مگر وہ اپنے آپ میں خوش اور ہر وقت اپنے آپ کو عورتوں کی طرح سجاوٹ سنوارنے کا شوقین خوبصورتی پر مر مٹنے والا ہوتا ہے۔

۶ — انسان پر بدھ گرہ کا اثر - بدھ گرہ کا پربھاؤ والا آدمی کبوتر کی آنکھ سے ملتا جلتا ہو۔ مگر ڈرپوک۔ چال میں مسکین۔ بلی کی طرح کا بول چال معصوم لڑکیوں کی طرح۔ مگر جادو منتر کی طاقت والا۔ خوبصورت دانت۔ بہروپیہ و نقل کرنے کا سانگ اتارنے کی طاقت رکھنے والا۔ زبان کو ہونٹوں پر پھیرتے عام عادت۔ بات چیت میں تیز۔ خیالی باتوں میں محل بناتا۔ لوگ اگر آپ کسی کے آندھیں نہیں رہے گا۔ خوبصورتی پسند کرے۔

۷ — انسان پر سنیچر گرہ کا اثر - سنیچر گرہ کے زیر اثر والا آدمی سانپ کے سوبھاؤ جیسا آنکھ بھی سانپ کی طرح گولائی لئے ہوئے۔ رنگ میں سفید یا لال نہ ہوگا۔ بلکہ آنکھوں کا رنگ کالا ہوگا۔ بھوئیں لکیر کی طرح سیدھی یا اُن پر بال کم ہوں گے۔ آواز میں سانپ کی طرح ٹک ٹک کرنے والا۔ آنکھیں دیر بعد جھپکنے والا اپنے دل کی بات کا پتہ نہ لگنے دیوے۔ کہ اس کا اصل مطلب کیا ہے۔ چاروں طرف چلنے والا۔ جب کسی کی مدد پر ہوا تو اس کی پوری مدد کرنے کے لئے اپنا سب کچھ قربان کر دے گا۔ پکا ضدی ہوگا۔ اگر کسی کے برابر سامنے کھڑا ہو گیا تو سامنے والے کا سب کچھ برباد ہو جاوے تو پرواہ نہ کرے گا۔ سننے کی بجائے آنکھوں سے ہی کام لے گا۔ دوسرے پر سانپ کی طرح حملہ کر دے گا۔ کان چھوٹے چھوٹے۔ الگ بیٹھنے کا شوقین ہوگا۔

۸ — انسان پر راہو گرہ کا اثر - راہو گرہ کے زیر اثر میں ہونے والے انسان کی ٹھوڈھی اوپر کو اُبھری ہوئی رنگ کالا۔ راہو اُوچ کا ہو تو بھی رنگ کالا ہوگا۔ باقی نیچے لکھی سب باتیں ہوں گی۔ انسان اکثر کالا۔ کانا، بغیر سنتان۔ بنا شادی کے یا دھر ٹیڑھا چلنے والا۔ ہاتھی سے ملتی جلتی آنکھ (چھوٹی) شریر میں بے چینی پانے والا جس طرف مل گیا دوسری طرف کا ناش (تباہ) کرنے والا۔ خوراک زیادہ کھانے والا۔ گھر کی چیزوں کو بڑھانے کا شوقین مگر ان کی خوبصورتی کا دھیان نہیں۔ مسکین بلی کی طرح اُسے مکان سے پیار ہوگا۔ مکان کے مالک کی جان کا دھیان نہ ہوگا۔

۹ — انسان پر کیتو گرہ کا اثر - کیتو گرہ کے زیر اثر ہونے والا انسان کے کان بڑے بڑے بھوؤں کا مدھیہ حصہ اوپر اُٹھا ہوا جسم مضبوط۔ بلکہ ٹانگوں کا حصہ بھاری گاجر کی طرح جسم نیچے سے موٹا اُوپر سر کی طرف سے ہلکا۔ نیک طبیعت درویش۔ کتا۔ سور یا سادھو ہوگا۔

مکان بنانے یا خریدنے کے وقت خیال کرنیکی باتیں

(۱) مکان کے اندر داخل ہونے کے لئے سب سے بڑا دروازہ پورب (مشرق) کی جانب ہو تو سب سے اچھا ہوگا۔ ہر وقت لوگوں کا آنا جانا یعنی تانتا لگا رہے۔ اور ہر طرح کے سکھ سادھن مہیا ہوتے رہیں گے۔

(۲) اگر مغرب کی جانب بڑا دروازہ ہو تو دوئم درجہ کا اچھا اثر ہوگا۔ منصوبوں میں کامیابی ہوگی مگر دیری اور اڑچنوں کے ساتھ۔

(۳) اگر مکان کا دروازہ جنوب (اتر) کی جانب ہو تو بہت اچھا اثر رکھے گا۔ ترقی کے راستے کھلے رہیں گے۔ لمبے سفر سے فائدہ ہوگا۔ پوجا پاٹھ، ہون جاپ وغیرہ شبھ کام کرنے کا عمدہ مقام اور روحانی مرحلوں کو حاصل کرنے کا اچھا مقام ہوتا ہے۔

(۴) اگر آپ کے مکان کا بڑا دروازہ دکھن کی جانب تو وہ بُرے اثر کو دینے والا ہوگا۔ عورت کے لئے موت کی طرح دکھ اور تکلیف دینے والا۔ فوج داری ہونے کا ڈر۔ آگ سے جلنے یا حادثہ کا ڈر ہے، موت وغیرہ کے حادثے ہونے کا ڈر۔ پریشانیاں زیادہ رہیں گی دکن کے دروازہ والے مالک اور اس کی عورت اولاد وغیرہ کی صحت ٹھیک نہیں رہے گی۔ گھر میں بندر پالنا یا مچھی کا بند رڈرائنگ روم (رہنے کمرے) میں رکھنا نیک اثر کرے گا۔ ہر سال یا کبھی کبھی بکری دان یا بدھ کی چیزوں کے ساتھ شام کے وقت دان کرنے سے راحت ملے گی۔

نوٹ :- اوپر لکھے خصوصی گرہ نوگ" لال کتاب بنا پڑھی ہوئی مکمل سیٹ ہندی میں منگوانے کے لئے ڈاک خرچ سمیت ۲۴۰/ روپے بذریعہ منی آرڈر سے بھیج دیں

علم قیافہ کی صحیح اور مستند معلومات

(۱) جس شخص کا سر بڑا اور گول ہوتا ہے وہ اپنے ارادوں میں پختہ خیال ہوتا ہے۔ اور وہ دیانتدار نیک خصلت اور صاحب مرتب اور دولت مند ہوتا ہے (۲) جس آدمی کا سر بڑا اور لمبا ہوتا ہے تو وہ بیوقوف اور کم عقل کمزور اور حاسد ہوتا ہے (۳) جس آدمی کی پیشانی بلند اور خوبصورت ہوتی ہے وہ بخت آوری کی نشانی ہے اور فراخ پیشانی والا شخص صاحب علم و دانش ہوتا۔ (۴) جس شخص کی پیشانی تنگ اور پست ہوتی ہے وہ قسمت کا مارا اور کم عمر ہوتا (۵) ناہموار اور بے اعتدال پیشانی والا آدمی ہمیشہ رنج و مصیبت میں رہتا ہے۔ (۶) اگر پیشانی پر سر کے قریب بالوں کے پاس خصوصاً داہنی طرف اگر خال یعنی تل کا نشان ہو تو اس شخص کیلئے یہ علامت خوش قسمتی اور بلند بختی کی نشانی ہے (۷) اگر کسی آدمی کا چہرہ لمبا خمیدہ ہو تو اس میں بڑے بڑے اوصاف ہوتے ہیں (۸) جس شخص کے چہرے پر گوشت زیادہ ہو وہ زندہ دل فیاض باتمیز ہوتا ہے اور سب لوگ اس سے دلچسپی رکھتے اور جلتے ہیں (۹) جس شخص کی آواز بلند اور بھاری ہو تو وہ دیانتدار مغرور عالی ہمت ہوگا (۱۰) جس شخص کی ناک اونچی اور لمبی ہو تو اس سے سعادت اور دولت مندی کا اظہار ہوتا ہے (۱۱) جس شخص کی ناک طوطے کی چونچ کی طرح جھکی ہو تو یہ خوش قسمتی کی دلیل ہے۔ (۱۲) اور بہت بلند ناک بے حیثیت اور ذلت کی نشانی ہے (۱۳) پست اور چھوٹی پر شہوت ہوتا ہے (۱۴) موٹی ڈھیلی اور بے ڈول ناک غرور تکبر کی نشانی ہے (۱۵) جس شخص کی بھنویں خمدار ہوں تو وہ مغرور بد مزاج دولتمند عقلمند ہوگا (۱۶) جس شخص کی بھنویں چوڑیں ہوں بال کم ہوں تو وہ کم عقل کم علم، ملنسار نیک سیرت عبادت گزار ہوتا ہے (۱۷) جس کی بھوؤں کے بال باریک سیاہ ہوں تو وہ بہادر، صاحب اولاد صاحب علم و دولت مند ہوگا۔ (۱۸) جس کی بھوؤں کے درمیانی جگہ کم ہو تو وہ ہر وقت پریشان رہتا ہے، دلیر سمجھدار ملنسار تنگ ہوتا ہے (۱۹) جس کے چہرے پر پسینہ آجائے تو وہ بڑا متلون مزاج اور عیاش ہوتا ہے (۲۰) جس کا چہرہ فراخ ہو تو وہ بڑا دلیر بہادر، جوانمرد مضبوط، قوی جسم کا ہوگا اور عزت و مرتبہ حاصل کرے گا (۲۱) گول اور موٹے چہرے والا آدمی سادہ دل کم تمیز اور کمزور حافظہ کا مالک ہوتا ہے (۲۲) دبلے چہرے کا آدمی عقلمند ذہین متلون مزاج ہوتا ہے اگر رنگ سیاہ ہو تو وہ فتنہ انگیز حاسد اور جھگڑالو اور تنگ مزاج ہوتا ہے اور اگر چہرے کا رنگ سرخ ہو تو وہ تند مزاج متکبر غصہ ور ہوگا (۲۳) اگر بالوں کا رنگ سیاہ ہو تو جسمانی صحت عمدہ مفادات و اطوار سنجیدہ ہوں۔ اگر ہلکا گلابی رنگ ہو تو وہ لاپرواہ، سرد مہر کمزور طبع ہوگا۔ اگر سیاہ گھونگر والے بال ہوں تو وہ شرابی اور فسادی ہوگا۔ اگر بالوں کا رنگ سرخ ہو تو وہ مکار، دغاباز طبیعت کا بے چین اور لالچی ہو ہر کام ہمت سے کرے گا اور پورا کرے گا جس کے بال بھورے ہوں تو وہ فیاض فضول خرچ لاپرواہ ہوگا اور جس کے بال ملائم ہوں وہ خوش خلق شریف با مروّت موسیقی پسند اور عورتوں کا سی عادت کا ہوگا۔ جس کے بال سخت ہوں تو وہ حاسد اور بے مروت ہوگا اور جس کے جسم پر بال زیادہ ہوں تو وہ حاسد ہوگا اور کینہ پرور ہوگا۔ اگر بال کم ہوں تو عقلمند دانا ہوگا آسودگی کی زندگی بسر کرے گا اور جسم کے بال باریک اور نرم ہوں تو وہ خود غرض زود رنج ہوگا اور اگر سخت ہوں تو تنگ حال اور مریض ہوگا (۲۴) اور جس کے سر کے بال چھوٹے گھن دار ہوں وہ دلیر بہادر حسن پرست ہوگا اور بے عقل ہوگا (۲۵) جو دبلا خوبصورت لمبے بال والا ہو وہ نرم دل نیک اور سخی ہوگا (۲۶) جو شخص گفتگو کے وقت پلکیں نیچے جھکالے یا پوشیدہ نگاہ سے دیکھے وہ تنگ دل حاسد اور کم عقل ہوگا (۲۷) جس کی آنکھیں چھوٹی ہوں اور اندر کو دھنسی ہوں تو وہ دور اندیشی تیز مزاج ضدی بے رحم، بے عقل بد فعل، عیاش صاحب اولاد اور بڑی عمر والا ہوتا ہے (۲۸) جس کی آنکھیں موٹی ہوں وہ حاسد ہوتا ہے (۲۹) جس کی آنکھ کا ڈیلا چاروں طرف گھومے وہ شخص حاسد خوشامد پسند بے اعتقاد جھگڑالو ہوتا ہے (۳۰) جو آدمی ترچھی نگاہ سے دیکھتا ہے وہ حیلہ ساز تند مزاج چھوٹا حاسد، بدنصیب ہوتا ہے (۳۱) جس کی آنکھیں بڑی بڑی ہوں اور باہر کی طرف نکلی ہوں تو وہ نیکی اور بدی کو جلد قبول کرتا ہے جس کے کان بڑے ہوں اور موٹے ہوں تو کند ذہن، کم عقل تنگ دل اور مفلس ہوتا ہے (۳۲) جس کا منہ غنچہ کی طرح ہو وہ دولتمند اور کامرانی کی دلیل ہے مگر بے وفا ہوتا ہے چوڑا اور کھلا منہ شجاعت اور بلند حوصلہ کی نشانی ہے اور گھوڑے وغیرہ مویشیوں کی طرح آگے کو نکلا ہوا منہ بد نصیبی اور افلاس کی نشانی ہے۔ (۳۳) جس آدمی کے دانت پتلے اور تیز ہوں اور حاسد بے حیا بے اعتبار شکم پرست اور بہادر ہوتا ہے (۳۴) جس کی کنپٹی اور ابرو پر بال زیادہ ہوں تو وہ فضول گو، بے وقوف کم عقل سست ہوتا ہے (۳۵) جس آدمی کی گردن پتلی ہو وہ دانا عقلمند ہوتا ہے اور موٹی گردن اور بے ڈول گردن بدبختی کی نشانی ہے (۳۶) جس آدمی کے بازو لمبے ہوتے ہیں وہ بہادر اور بلند حوصلہ ہوتا ہے اور جس کے بازو چھوٹے ہوں تو یہ علامت ماتحتی اور غلامی کی ہے اور درمیانے اور مناسب بازو کامیابی اور مالداری کی نشانی ہے۔ (۳۷) جس کا ٹیٹوا نکلا ہوا ہو تو سیاہ بختی کی نشانی ہے اور جو ر کی گردن لمبی ہوتی ہے (۳۸) اگر دایاں ہاتھ بائیں ہاتھ سے لمبا ہو تو بہادری کی نشانی ہے اور اس کے برعکس بائیں ہاتھ کی لمبائی نامردی اور بزدلی کی نشانی ہے۔ جس کی آٹھ پسلیاں ہوں تو وہ شخص صاحب سلطنت ہوتا ہے اور اگر نو دس پسلیاں تو ایسا شخص فقیر یا درویش ہوتا ہے اور گیارہ پسلی والا آدمی زاہد متقی ہوتا ہے اور بارہ پسلی والا آدمی رنج و محنت میں مبتلا رہتا ہے تیرہ پسلی والا مال و دولت کی نشانی ہے اور چودہ پسلی والا عموماً بدکار اور بد اخلاق ہوتا ہے۔

انسان کے بدن پر تل ہوتے ہیں ان کے خواص

قارئین مفید عالم جنتری کے لئے تلوں کے خواص درج کئے جاتے ہیں:

(۱) پیشانی کے داہنی طرف جو تل جس شخص کی کنپٹی پر ہوگا وہ خوش نصیب اور دولتمند باعزت اور اپنی قوم میں ممتاز، فتح و کامیابی حاصل ہو (۲) پیشانی کے درمیانی بالوں سے ملا ہوا تل ہو وہ تنگ مزاج کج خلق جلانتن ہوگا اور لوگ اس سے بات چیت کرتے ہوئے گھبرائیں گے اور عورت کے تل ہونے سے انتہائی درجہ کے صدمے اور مصیبتیں اٹھاتی ہے (۳) پیشانی کے بائیں طرف کنپٹی سے کچھ اٹھا ہوا سرخ رنگ کا تل جس شخص کے ہوتا ہے وہ بہت عقلمند اور باہوش ہوتا ہے اور اگر اس کا رنگ سیاہ ہو تو وہ شخص جھوٹا ہوتا ہے جس کی وجہ سے سدا خراب اور رسوا ہوتا ہے اور اگر یہاں تل کی بجائے مسہ ہو تو وہ شخص قسمت کا ہیٹا ہوتا ہے اس کے اکثر کام بنتے بنتے بگڑ جاتے ہیں اور اگر عورت کے یہ علامت ہو تو وہ عورت پردہ دار باوقار اور باعصمت ہوتی ہے اور ہمیشہ نیک ثابت ہوتی ہے مگر سیاہ تل والی آگاہ پیچھا سوچے بغیر کوئی برائی بھی کر لیتی ہے (۴) داہنی کنپٹی پر آنکھوں کے اوپر اگر تل ہو تو ایسا آدمی لمبی عمر والا ہوتا ہے اور خوش نصیب ہوتا ہے اور اگر عورت کے یہی نشانی ہو تو وہ صاحب نصیب بامراد ہوتی ہے اور بانصیب مرد کے بیاہی جاتی ہے اور شادی کے بعد خوش و خرم رہتی ہے۔ اور نیک بخت صاحب سلیقہ شوہر کی نظروں میں عزت حاصل کرتا ہے اور اپنے خاوند سے محبت رکھتی ہے۔ (۵) اگر داہنی کنپٹی پر گردن کی طرف جھکا ہوا تل ہو تو ایسا آدمی بڑی عمر والا اور مالدار ہوتا ہے اور اگر یہ تل سرخ رنگ کا ہو تو وہ شخص صاحب اقبال ہوگا اور اگر کسی رنگ کا ہو تو وہ رنج و فکر میں مبتلا رہے گا۔ (۶) آنکھ کے اوپر بائیں طرف تل رکھنے والا آدمی اکثر بیمار رہتے ہیں۔

گرہوں کی دشاؤں کا بیان

گرہوں کی دشا کے ذریعہ ہر گرہ کی پھل پراپتی کا وقت معلوم کیا جاتا ہے۔ سبھی گرہ اپنی دشا اور سوکھشم دشا کال میں پھل دیتے ہیں جو گرہ اُچ راشی، متر راشی یا اپنی راشی میں رہتا ہے وہ اپنی دشا میں اچھا پھل دیتا ہے لیکن نیچ راشی، شترو راشی اور غروب است حالت میں ہوں وہ اپنی دشا میں دھن ہانی، روگ، ترقی میں رکاوٹ وغیرہ پھل دیتے ہیں۔

سورج دشا پھل :-

سورج جنم میں میکھ راشی کا اوچ میں ہو اور دس انش میں پڑا ہو تو اسکی دشا میں استری پتر کا سُکھ، بیوپار کاروباری فائیدہ و ترقی، راج دربار میں عزت، فائیدہ مند غیر ملکی سفر درپیش ہو۔ دھرم کارجوں میں رغبت بڑھے۔ دس انش سے اوپر جنم میں بیٹھا ہوا ہو تو پاپ کت و پاپ۔ درشٹ ہو تو دشمن، چوری اور آگ سے خطرہ، بیوی و اولاد سے رنج۔ جھگڑا، جُدائی، قرضدار ہو۔ پیٹ یا آنکھوں کی بیماری میں مبتلا ہو۔ سورج جنم میں برکھ راشی کا ہونے سے اسکی دشا کے اندر استری و سنتان سے دُکھ رنج اور عزیزوں و دوستوں سے تکلیف پائے۔ سورج متھن راشی کا ہو تو اس کی دشا میں دھن دولت میں اضافہ، مشکل کام حل ہوں، کاروبار میں فائیدہ، عزت بڑھے، دھرم کرم کے کام کرے علم و دانش میں اضافہ ہو۔ کرک سورج دشا میں ہونے سے راج دربار میں عزت، رشتہ داروں استری اور والدین سے سُکھ۔ وایو پرکرتی سے تکلیف۔ سنگھ کے سورج دشا میں راجہ جیسا سُکھ بھوگو گے۔ ہر طرح سے دھن ملے۔ استری سنتان سے سُکھ پائے۔ کنیا کے سورج کی دشا میں دھن دولت کا سُکھ و عزت مان پائے۔ لوگوں میں قدر، نیک نام ہو۔ دھرم کارجوں میں لگاؤ رکھے۔ تُلا کے دس انش تک سورج کی دشا ہو تو استری و سنتان سے متفکر اور رنجیدہ ہو۔ زمین وغیرہ کے کاموں سے نقصان۔ اگنی سے خطرہ ہو غیر ملکی سفر درپیش ہو۔ برشچک کے سورج کی دشا میں بڑا پرتاپی رعب دار ہو زیر واگنی سے خطرہ پائے۔ ماتا پتا کو سُکھ دے۔ پیچیدہ اور مشکل کام عقلمندی سے انجام دے۔ دھن کے سورج کی دشا میں راج کُل میں خاندان اور سادھو جن اچھے لوگوں سے مان پائے۔ استری پتر دھن کا سُکھ دھرم کارجوں میں ترقی کرے مکر کے سورج کی دشا میں استری پتر دھن وغیرہ سے فکرمندی۔ دوسروں کی اطاعت میں گذر اوقات ہو۔ کُنبھ کے سورج کی دشا میں نقصان و تنگدستی دلی صدمہ، دوسروں کی ماتحتی میں گذر اوقات ہو۔ مین کے سورج کی دشا میں استری سے لابھ۔ راج دربار سے سُکھ، پتر کا رنج دیکھے۔ اگنی و زہر سے خطرہ۔ اچانک حادثہ پیش ہو۔

چندر دشا پھل :-

پورن اُچ کا اور شبھ گرہ یکت چندرماں ہو تو اسکی دشا میں ہر طرح سے عزت مان ودیا، دھن وغیرہ حاصل کرنے والا ہوتا ہے۔ نیچ یا شترو میں رہنے سے چندرماں کی دشا میں لڑائی جھگڑا، سردرد، مالی نقصان وغیرہ پھل ہوتا ہے چندرماں میکھ راشی میں ہو تو اس کی دشا میں استری سُکھ، بدیش یاترا، جھگڑا، سرروگ، برکھ میں ہو تو دھن اور واہن کا لابھ، استری سے پریم ماتا کی مرتیو۔ پتا کو دُکھ۔ متھن میں ہو تو غیر ملکی سفر، دھن جائیداد کا فائیدہ کرک میں ہو تو پوشیدہ مرض، دھن دولت کی بردھی، کلا پریم۔ سنگھ میں ہو تو عقلمند، مان عزت والا، دھن لابھ ہو۔ کنیا میں ہو تو بدیش یاترا، استری پراپتی ادب سے پریم، دھن لابھ۔ تُلا میں ہو تو مخالفت، فکر، ایمان ہو لیکن تجارت میں مالی منفعت، نازک حصہ میں بیماری۔ برشچک میں ہو تو فکر، بیماری، معمولی مالی فائدہ اور دھرم ہانی۔ دھن میں ہو تو سواری کا فائدہ لیکن مالی نقصان مکر میں ہو تو سُکھ، پُتر استری دھن کی حصولیابی، دماغی خلل وایو روگ سے نقصان تکلیف۔ کُنبھ میں ہو تو عیش پرست، قرضخواہ، ناف کے اوپر اور نیچے درد، دانت و آنکھوں کی بیماری سے تکلیف۔ مین میں ہو تو چندرماں کی دشا میں دھن لابھ، پُتر لابھ، دشمنوں کی تباہی وغیرہ پھل حاصل ہوتے ہیں۔

منگل دشا پھل :-

منگل اُچ اپنے استھان یا مُول ترکون میں ہو تو اس کی دشا میں عزت شہرت، عورت و اولاد کا سُکھ جرأت و ہمت، مالی فائیدے وغیرہ پھل حاصل ہوتے ہیں۔ منگل میکھ راشی میں ہو تو اس کی دشا میں دھن لابھ شہرت اور اگنی سے دُکھ ہو۔ برکھ راشی میں ہو تو بیماری، دوسروں سے مالی مفاد، دوسروں کا بھلا کرنے والا ہو۔ متھن میں ہو تو غیر ملک میں قیام۔ چالاک، فضول خرچ، پت وایو سے کشٹ اور کان کی بیماری سے دُکھ ہو۔ کرک میں ہو تو دھن دان، کلیش۔ بیوی اور اولاد سے دور قیام۔ سنگھ میں ہو تو حکمران سے فائدہ، ہتھیار اور آگ سے دُکھ، مالی اخراجات، کنیا میں ہو تو پُتر زمین دھن، اناج سے مالا مال۔ تُلا میں ہو تو استری دھن سے محروم، جھنجھٹ کلیش زیادہ، برشچک میں ہو تو ان دھن سے مالا مال آگ اور ہتھیار سے دُکھ پہنچے۔ دھن میں ہو تو راج دربار میں عزت، کاموں میں فتح، دولت کا حصول۔ مکر میں ہو تو اختیارات ملیں گے سونے و رتن سے فائیدہ، کام ستہ ہوں۔ کُنبھ میں ہو تو بدچلن مفلس، مریض، فضول خرچ اور تشویش مند۔ مین میں ہو تو قرضے سے دبا ہوا، فکرمند، چھوت کی بیماری، کھجلی اور درد وغیرہ پھل حاصل ہوں۔

بُدھ دشا پھل :-

اُوچ اپنی راشی میں ہونے اور بلوان بُدھ کی دشا میں تعلیم، سائینس، آرٹ اور زراعت میں ترقی، دھن لابھ۔ خاوند بیوی کو سُکھ، کھانسی، گیس اور پت سے تکلیف میکھ راشی میں ہو تو بدھ کی دشا میں دھن نقصان اور فریبی رجحان۔ برکھ راشی میں ہو تو دھن اور شہرت یافتہ، اولاد و بیوی کی فکر، زہر سے نقصان متھن میں ہو تو تھوڑا فائیدہ، معمولی تکلیف، ماتا کو سُکھ، کرک میں ہو تو دھن کا حصول، شعر و شاعری کی طرف رغبت، غیر ملک کا سفر۔ سنگھ میں ہو تو گیان، یش کی پراپتی، دھن کا ناش، کنیا میں ہو تو گرنتھوں کی رچنا اندرونی اہلیت و قابلیت میں اضافہ، دھن اور عیش و عشرت کا حصول برشچک میں ہو تو کام بیٹرا، بدچلنی، فضول خرچی وغیرہ پھل دے۔ دھن میں ہو تو نیستا گری کرے، وزیر بننے کا یوگ اور حکومت حاصل ہو۔ مکر میں ہو تو نیچ آدمیوں سے دوستی، مالی نقصان، تھوڑا فائیدہ ہو۔ کُنبھ میں ہو تو رشتہ داروں کو تکلیف، افلاس، بیماری اور کمزوری وغیرہ رہے مین راشی میں ہو تو بُدھ کی دشا میں کھانسی، زہر اور آگ اور ہتھیار سے تکلیف، تھوڑا نقصان، کئی طرح کے جھنجھٹ وغیرہ پھل حاصل رہیں۔

گرہوں کی شانتی کیلئے سات واروں کے برت کا طریقہ

اگر کسی بچے کی جنم کنڈلی میں اشبھ گرہ کی حالت میں ہو یا خراب گرہ کی دشا انتردشا چل رہی ہو تو حسب ذیل طریقے سے خراب (اشبھ) گرہ کی شانتی کے لئے برت رکھنے سے کلیان ہوگا۔ مفصل جانکاری کے لئے ہمارے دفتر سے برہودھی سپتاہ منگوا کر فائدہ اٹھائیں۔ قیمت -/۵ روپے

اتوار کے برت کا طریقہ

سبھی خواہشات و تمناؤں کی تکمیل، آنکھوں کی بیماری، کوڑھ یا چمڑے کے روگوں کے ناش کے لئے دیر درازی عمر، خوش قسمتی میں اضافہ کے لئے اتوار کا برت رکھا جاتا ہے۔ یہ برت شکل پکش کے پہلے اتوار کو شروع کر کے ایک سال تک یا کم از کم ۱۲ برت ضرور رکھیں۔ برت کے دن صرف گیہوں کی روٹی یا گڑ سے بنا دلیہ گھی شکر کے ساتھ کھائیں۔ بھوجن سے پہلے اشنان کر کے صاف ستھرے کپڑے پہنیں۔ اور "اوم ہراں ہریں ہروں سہ سوریہ نمہ" بیج منتر کا پانچ مالا کریں اور روی وار کتھا پڑھیں۔ اس کے بعد سورج کو گندھا کشت، لال پھول دوروا یکت جل سے حسب ذیل منتر پڑھتے ہوئے اردھ دیں۔ "نمہ سہسر کرن سرودیادھی وناشن، گرہان اردھیہ میا دتم سنگیا سہتو اوے"۔ پھر پردکشنا کر کے سرخ چندن کا تلک لگائیں آخری اتوار کو ہون کے بعد برہمن جوڑے کو بھوجن کرا کے اپنی سمرتھ شکتی کے مطابق سرخ کپڑے پھل پھول وغیرہ اور دکشنا سے خوش کریں۔

سوموار کے برت کا طریقہ

یہ برت ساون، چیت، بیساکھ کارتک یا مگھر کے مہینوں کے شکل پکش کے پہلے سوموار سے شروع کریں اس برت کو پانچ برس ۱۴ برس یا ۱۶ سوموار پورن شردھا کے ساتھ ودھی پوروک دھارن کریں۔ چیت، شکل اشٹمی تتھی آدر انکشتر سوموار کو یا ساون ماہ کے پہلے سوموار کو برت شروع کرنے کا خاص مہتو ہے۔ برت شروع کرنے والے استری پرش کو چاہیئے کہ صبح سویرے جل میں کچھ کالے تل ڈال کر اشنان کرے اس کے بعد "اوم نمہ شوائے" وغیرہ منتر کے ذریعہ اور سفید پھولوں، سفید چندن، نیچامرت اکشت، سپاری پھل، گنگا جل، بل پکش وغیرہ سے شو پاروتی کا پوجن کرے اور پوجا کے بعد برہمن کو دان دکشنا کر کے خود بھوجن کرے۔ بھوجن ایک وقت بغیر نمک کے ہونا چاہیئے۔ برت کا اودھیاپن بھی متذکرہ مہینوں میں کرنا اچھا پھل دینے والا ہوگا۔ ادھیاپن میں دشش ماتش جپ کا ہون کر کے سفید پدارتھ، دودھ، دہی، کھیر، چاندی، سفید پھولوں کا دان کرنا چاہیئے۔ یہ برت کرنے سے ذہنی آسودگی (مانسک شانتی) دھن سمپتر وغیرہ سے سکھوں کی پراپتی ہوتی ہے اور سب طرح کے دکھ دور ہوتے ہیں۔

منگلوار کے برت کا طریقہ

ہر طرح کے سکھوں، خون کے روگ، دشمن کے ناش، صحت کی سنبھال اور بیٹے کی ولادت کے لئے منگلوار کا برت اہم ہے۔ یہ برت شکل پکش کے پہلے منگلوار سے شروع کر کے ۲۱ ہفتے تک یا حسب توفیق زندگی بھر رکھیں اس برت میں گیہوں اور گڑ کے ساتھ بھوجن کریں۔ بھوجن نمک کے بغیر ایک ہی وقت کریں۔ اس برت سے منگل گرہ کے ارشٹ دوش بھی شانت ہو جاتے ہیں۔ برت میں شری ہنومان جی کی لال پھولوں، پھلوں، تانبے کے برتن اور ناریل سے پوجا دان کرنا چاہیئے۔ اور شری ہنومان چالیسا کا پاٹھ کرنا چاہیئے۔ بھوم گرہ کی شانتی کے لئے "اوم کراں کریں، کروں سہ بھومائے نمہ" کی پانچ مالائیں کرنی چاہئیں اور گڑ، پیلے لڈوؤں اور سرخ کپڑے کا دان کرنا چاہیئے۔

بدھوار کے برت کا طریقہ

بدھوار کا برت بدھ گرہ شانتی اور دھن بدھی ودیا اور بیوپار میں توسیع و ترقی کے لئے رکھا جاتا ہے یہ برت وشاکھا نکشتر کے وقت سے بدھوار کو شروع کر کے ہر بدھوار یا سات بدھوار تک کریں۔ برت کے دن غسل کر کے ہرے کپڑے پہن کر شری وشنو سہسر نام کا پاٹھ اور گرہ شانتی کے لئے بیج منتر "اوم براں بریں، بروں سہ بدھائے نمہ" کا پاٹھ کریں۔ اس دن ایک وقت نمک کے بغیر بھوجن گھی، مونگ یا مونگ کی دال سے بنے میٹھے کھانے کا دان کریں اور خود بھی یہی استعمال کریں۔ آخری بدھوار مدھو شری بودھی اور گھی کے ساتھ ہون کریں اور ہرے کپڑے، پھل اور مونگ کا دان کریں۔ گائے کو ہرا گھاس ڈالیں۔

برہسپتی وار کے برت کا طریقہ

یہ برت برہسپت گرہ کی شانتی اور شادی کے سکھوں، تعلیم، پتر سنتان اور دولت کے حصول کے لئے بہترین ہے۔ یہ برت شکل پکش کے پہلے ویروار کو شروع کریں۔ ویروار کے دن انورادھا نکشتر ہو تو اور بھی اچھا ہے یہ برت پیلا یگیوپویت دھارن کر کے برہسپتی کی پوجا خود یا کسی شریشٹھ برہمن کی طرف سے کرائی جانی چاہیئے۔ پوجا میں کھڑاؤں چھاتہ اور کمنڈل رکھیں اور پیلے رنگ کے پھول، چنے کی دال، پیلے کپڑے، پیلا چندن ہلدی اور پیلے چاول لڈو وغیرہ کا بھوگ لگانا چاہیئے۔ ان کا دان کر کے ہی خود ایک وقت کا بھوگ لگائیں۔ نمک کا استعمال نہ کریں۔ اس دن کیلے کے پودے کا پوجن کرنا شبھ ہوتا ہے۔ گورو (برہسپت) شانتی کے لئے "اوم گراں گریں گروں سہ گروے نمہ" منتر کی پانچ مالا کا جاپ کریں۔ ادھیاپن میں دشش ماتش حصہ کا ۲۰ سمدھا مدھو سرپی، گھی، ودھی کے ساتھ ہون کرنا چاہیئے۔

شکروار کے برت کا طریقہ

یہ برت دھن دولت، شادی، اولاد جیسے دنیاوی (مادی) سکھوں کو دینے والا ہے۔ اکثر شکل پکش کے پہلے شکروار سے شروع کیا جاتا ہے۔ ساون ماہ کے پہلے شکروار کو برت شروع کرنے سے (باقی صفحہ ۹۵ پر)

بقیہ۔ گرہوں کی شانتی کیلئے سات واروں کے برت کا طریقہ

صفحہ ۱۹ کا۔۔۔۔۔

خاص طور پر لکشمی کی کرپا رہتی ہے۔ برت کے دن اشنان کرکے سفید کپڑے پہن کر شری لکشمی دیوی کی دُھوپ دیپ، سفید چندن، چاول، سفید پھول، چینی شکر وغیرہ سے پوجا کرکے بچوں میں سفید مٹھائی، کھیر اور پھل وغیرہ بانٹ دیں گرہ شانتی کے لئے " اوم دراں دریں دروں سہ شکرائے نمہ" کی تین مالا کا پاٹھ کریں۔ خود بھی ایک وقت کھیر وغیرہ سفید چیزوں کا استعمال کریں نمک استعمال نہ کریں۔ ادھیاپن اور ہون وغیرہ کے بعد برہمن بالکوں کو کھیر، چاول وغیرہ کا بھوجن کرانے اور سفید کپڑے چینی چاول، چاندی پھل وغیرہ سفید اشیاء کا دان کریں۔

سنیچر وار کے برت کا طریقہ

یہ برت شنی گرہ کی ارشٹ شانتی کے لئے ہے اور پرانے وبے چیدہ امراض، دشمن کے خوف، اقتصادی کرائسس، ذہنی سراسیمگی و پریشانی سے نجات دلاتا ہے۔ علاوہ ازیں یہ دھن دولت اور بیوپار میں توسیع و ترقی کا ضامن ہے۔ یہ برت شکل پکش کے شنی وار بالخصوص ساون ماہ کے شنی وار کو لینے سے بنی شنی کی مورتی کو پنچامرت سے اشنان کراکے دھوپ، سگندھ، نیلے پھول، پھل اور نیویدھ وغیرہ کے پوجن سے مشروع کرنا چاہئے۔ اوم شن شنے شچرائے نمہ" منتر کی تین مالا کا جاپ کریں۔ برت کے دن نیلے کپڑے پہنیں۔ ایک برتن میں سرسوں تیل، کالے تل، نیلے پھول، لونگ، تیل، گنگا جل دودھ ڈال کر مغرب کی طرف منہ کرکے پیپل کی جڑ میں ڈال دیں اس کے بعد شنی جی کی اُپاسنا کریں۔ ۹ اشنی وار کرنے کے بعد ادھیاپن کے وقت شنی ستوتر کا پاٹھ، جوتے، جراب، نیلے رنگ کا وستر کالے ماش، چاقو اور تیل سے بنی اشیا کا دان کسی بوڑھے برہمن کو دیں اور خود بھی اُڑد (ماش) وغیرہ اور تیل سے بنی چیزوں کا استعمال کریں۔

راہو کی شانتی :- کے لئے بھی شنی وار کا برت مندرجہ بالا طریقہ سے کریں اور دان میں ناریل، بھورا کمبل یا وستر دیں۔

علاوہ ازیں پرندوں کو باجرہ ڈالنا چاہیئے۔ راہو کے بیج منتر کا پاٹھ کرنا اچھا ہو گا۔

کیتو گرہ کی شانتی کے لئے کیتو کے بیج منتر " اوم سراں سریں سروں سہ کیتوے نمہ" کی پانچ مالا کا جاپ اور پوجن منگوار کے برت جیسا کرنا چاہیئے۔

ستناجا

کالے ماش (اُڑد) مونگ گیہوں، چنے، جو، چاول اور کنگنی آکھا گندھ :- اگر، تگر، کستوری، کنگو، کپو، چندن لونگ گورو چن

مزید تفصیلات حاصل کرنے کے لئے پنڈت پنالال جیوتشی ایم اے جنرل بک ڈپو اڈا ہوشیار پور کو خط لکھیں۔

برہسپت دشا پھل :-

برہسپت کی دشا میں گیان لابھ، دھن، بے داہن لابھ، گلے کا روگ، پھوڑے پھنسی یک وغیرہ سے دُکھ ہو۔ میکھ راشی میں برہسپت ہو تو اسکی دشا میں افسری علیم استری دھن پُتر کی پراپتی، مان عزت پائے۔ برکھ میں ہو تو ریض، غیر ملک بیا قیام، مالی نقصان۔ متھن میں ہو تو مخالفت، کلیش، دھن کا ناش کرک میں ہو تو حکمران سے لابھ، عیش و عشرت اور آرام و آسائش کا حصول، شہرت و عزت ملے۔ دوستی، اعلیٰ رُتبہ اور وظیفہ ملے۔ سنگھ میں ہو تو بادشاہ سے عزت پائے ترکی پتر رشتہ دار لابھ۔ خوشی، اناجون اور دھن دولت سے مالامال۔ کنیا میں ہو توانائی کی بدولت دھن لابھ۔ حکومت میں یوگ دان دینا، سفر، جھگڑا۔ تلا میں ہو تو تھوڑا بھی عقلمندی، ذہانت اور اندروں اہلیت کی کمی، بے عزتی ہو مقی برطے۔ برشچک میں ہو تو پُتر لابھ، صحتمندی، دھن لابھ، سارے قرضہ ادا گی دھن راشی میں ہو تو سیناپتی، وزیر، ممبر شپ، اعلیٰ مراتب، کم لابھ، مکو ب ہو تو مالی کشٹ، پوشیدہ امراض، کنبھ میں ہو تو راجے سے عزت اور حاکم یا پارلیمنٹ کا ممبر، تعلیم و دولت کا حصول۔ مالی سکھ مین میں ہو تو تعلیم دولت، استری پُتر سکھ، خوشی حاصل ہو۔

شکر دشا کا پھل :-

شکر کی دشا میں رتن، وستر، زیورات، زینت و ناموس نئے کام کی شروعات، کاروبار لیکن موسیقی سے لُطف اندوز ہونے کا پھل حاصل ہو۔ میکھ راشی میں شکر ہو تو من میں چنتا، غیر ملکی سفر، گھبراہٹ، عقد، پرانی عورت سے محبت بھگن بانی۔ برکھ میں ہو تو تعلیم کا حصول، دھن کنیا سکھ کی حصولیابی۔ متھن میں ہو تو شعر و شاعری سے رغبت، خوشی، دھن لابھ، پُتر ہانی، مویشیوں سے لابھ کرک میں ہو تو مالی سنکٹ، دُکھی، غیر ملکی سفر، استری پُتر سے مخالفت کا سامنا۔ سنگھ میں ہو تو شہرت ملے، غیر ملکی سفر، بے عزتی بھی ہو۔ کنیا میں ہو تو پرتاپ وان، کلیش، دھن ہانی، سکھ، چنتا، استری تکلیف ہو۔ دھن راشی میں ہو تو شعر و شاعری کا رجحان، اہلیت میں اضافہ، راجے سے عزت ملے پتروں سے پیار۔ مکر میں ہو تو چنتا، کشٹ، وات کف سے روگ۔ کنبھ میں ہو تو پہلی استری سے محبت، روگ، کشٹ، دھن ہانی اور مین دشا میں تو راجہ سے دھن لابھ، بیوپار سے لابھ، کاروبار میں توسیع و ترقی، منیتا گز وغیرہ پھلوں کا حصول ہو۔

شنی دشا پھل :-

بلوان شنی کی دشا میں جاتک کو دھن، جمع، سواری پرتاپ، سفر، عزت، شہرت کے علاوہ وگیرہ وغیرہ پھل حاصل ہوں۔

میکھ راشی میں شنی ہو تو شنی کی دشا میں آزادی، باہر قیام، نازک جسم، بد روگ، چمڑی روگ، کسی رشتہ دار سے جدائی۔

برکھ میں ہو تو کوششوں میں کمی، وایو پیڑا، جھگڑا، کلیش، دمہ کے روگ۔ راجہ سے عزت مان، فتح حاصل ہو۔ متھن میں ہو تو قرضہ، کشٹ، چنتا، غلامی۔ کرک میں ہو تو آنکھ کان کے روگ، رشتہ دار سے جدائی۔ دُکھ، مُصیبت۔ افلاس۔ سنگھ میں ہو تو روگ، کلیش، اقتصادی مشکلات۔ کنیا میں ہو تو مکان کی تعمیر، زمین کا سکھ ملے۔ تلا میں ہو تو اناج دھن کا حصول۔ فتح حاصل ہو، خوشی ملے۔ عیش و عشرت کا سامان ملے۔ برشچک میں ہو تو سفر، کمینہ پن، کنجوسی، بیچ سنگت، معمولی اقتصادی تکلیف۔ دھن میں ہو تو راجہ سے عزت و احترام، پبلک پیز ہو

ترکیب نماز

نماز فرض ہے اور کسی صورت میں معاف نہیں صرف عورتوں کے لئے بعض حالات میں معاف ہے۔ تمام عبادتوں میں نماز اللہ تعالیٰ کے لئے بہت پسند ہے۔ بندہ پاک صاف ہو کر اہتمام کے ساتھ جب اللہ تعالیٰ کے سامنے کھڑا ہوتا ہے اللہ جل جلالہٗ کو یہ طریقہ بہت بھلا لگتا ہے۔ نماز افضل ترین عبادت ہے۔ اس کا مقصد اللہ کی خوشنودی ہے۔ نماز سے انسان کو بہت سے فائدے حاصل ہوتے ہیں۔ خاص فائدہ تزکیۂ نفس ہے وہ پاک صاف رہتا ہے، گناہوں سے بچتا ہے، دل میں اللہ کا خوف رہتا ہے۔ اس میں باقاعدگی اور وقت کی پابندی کی عادت پڑ جاتی ہے۔ نماز باجماعت سے معاشرہ سے نظم و نسق کی تعمیر ہوتی ہے۔ اِنَّ الصَّلٰوۃَ تَنْھٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْکَرِ وَالْبَغْیِ بیشک نماز برائیوں سے بچاتی ہے۔ حرام چیزوں سے نافرمانیوں سے دور رکھتی ہے۔

شرائط نماز:- نماز سے پہلے کچھ باتیں ضروری یعنی نماز کی تیاریاں اور پھر نماز میں کچھ باتیں ضروری اور کچھ بہتر ہیں۔ ہم یہاں یہ سب باتیں بیان کرتے ہیں۔

۱۔ فرائض نماز:- یعنی جن کے بغیر نماز صحیح نہیں ہو سکتی۔ وضو کرنا، نماز کا وقت ہونا، رُخ بجانب قبلہ ہونا، جسم، کپڑوں اور جگہ کا پاک ہونا۔ نماز کی نیت، تکبیر، قیام، قرأت، رکوع، سجدہ وغیرہ کرنا، نماز میں منہ ہاتھ پاؤں وغیرہ کے علاوہ جسم کو ڈھانکنا۔ عورتوں کے لئے ستر پوشی کا خیال رکھنا لازم ہے۔ اگر باریک ترکپڑے جیسے ململ وغیرہ سے ستر پوشی کرے گی تو نماز نہ ہوگی۔

۲۔ واجبات نماز:- نماز میں الحمد یعنی سورہ فاتحہ پڑھنا۔ اس کے کسی اور سورہ یا آیات کا پڑھنا نماز ترتیب سے پڑھنا التحیات کے لئے بیٹھنا۔ ختم نماز پر سلام پھیرنا دائیں بائیں۔ وتر میں دعائے قنوت پڑھنا۔ نماز لازم ہے کہ اطمینان سے پڑھے۔ اگر تنہا ہے تو قرأت باآواز کرے یا خاموش پڑھے لیکن امام ہے تو دو رکعتوں میں قرأت باآواز کے لئے صبح، مغرب، عشا کی نماز نیز جمعہ اور عیدین کی نماز ہیں۔

۳۔ سنت:- نماز شروع کرنے پر پہلی تکبیر کے بعد ہاتھ کانوں تک اٹھانا۔ ہر رکن (عمل) کی ابتدا میں (مثلاً رکوع، سجود، قیام وغیرہ کے وقت) تکبیر کہے گا۔ قیام میں ہاتھ باندھے پر دایاں ہاتھ اوپر رکھنا۔ ثنا یعنی سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ اور اعوذ باللہ اور بسم اللہ پڑھنا، آمین خاموش کہنا۔ کم از کم تین بار رکوع اور سجدوں میں تسبیح پڑھنا سمع اللہ لمن حمدہ کہنا۔ رکوع کے سیدھے کھڑے ہو کر سجدے میں جانا، دو سجدوں کے درمیان بیٹھنا پہلی اور تیسری رکعتوں کے بعد جلدی اٹھنا، التحیات کے وقت بائیں پہلو پر بیٹھنا۔

۴۔ مستحبات:- نماز اطمینان سے پڑھنا، ہرگز جلدی نہ کرنا۔ نماز میں ہر رکن کو توجہ، سکون اور اطمینان سے ادا کرنا۔ قرأت کے وقت ہر لفظ کو سمجھ کر پڑھنا، توجہ، خشوع اور خضوع سے نماز پڑھنا۔

